5180CH10

# مالی گوشوارے -II

# 10 (FINANCIAL STATEMENTS - II)

باب 9 میں آپ سادہ حتمی (Simple Final) کھاتوں کے بارے میں پڑھ چکے ہیں جو تجارتی اور نفع ونقصان کے کھاتے اور بیلنس شیٹ کی شکل میں تیار کیے جاتے ہیں۔ سادہ حتمی کھاتوں کی تیاری میں حساب و کتاب کی وہ پیچیدگیاں موجود نہیں ہوتیں جو کاروباری کاموں کے لئے ایک معمولی سی بات ہے۔ یہ پیچیدگیاں اور الجھنیں اس وجہ سے پیدا ہوتی ہیں کہ آمدنی اور مالی حالت کے تعین کا عمل حساب کی حاصلانہ بنیاد (Accrual Basis) پر مبنی ہوتا ہے۔ یہ اس بات کی اہمیت کا ثبوت ہے کہ نفع بخشی کا صحیح پتہ لگانے کے لئے محاصل کی بنیاد کمائی ہوئی رقم کو سمجھنا چاہئے نہ کہ وصولیوں کی اور ایسے ہی اخراجات کو خرچ کی ہوئی رقم سمجھنا چاہئے نہ ادائیگی کی بنیاد پر۔ اسی لئے مالی گوشوارے تیار کرتے وقت بہت سی مدوں کو تطبیق کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس باب میں ہم تمام مدوں پر گفتگو کریں گے جنھیں تطبیق کی ضرورت ہوتی ہے۔ اوران طور طریقوں کے بارے میں جانیں گے جس کے ذریعے ان کو حساب کے کھاتوں میں شامل کیا جاتا ہے اور حتمی یا فائنل حسابات کا حصہ بنایا جاتا ہے۔

## سیکھنے کے مقاصد

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ

- مالی گوشوارے تیار کرتے وقت تطبیق کی ضرورت بیان کرسکیں گے۔
- واجب الادا اور پیشگی ادا شدہ اخراجات اور آمدنیوں کی واجب الوصول اورنیز پیشگی وصولیوں کو حساب میں رکھنے کے طریقوں کی وضاحت کر سکیں گے۔
- فرسودگی ، ناقابل وصول قرضوں اور قرض داروں کے لیے مشکوک قرضوں کے بندوبست کے سلسلے میں تطبیق کرنے کے بارے میں گفتگو کر سکیں گے۔
- منیجر کے کمیشن اور اصل سرمائے پر سود کے تصورات و مفہوم اور ان کی تطبیق کی وضاحت کر سکیں گے:
- تطبیق کے ساتھ نفع و نقصان کا کھاتہ اوربیلنس شیٹ تیار کر سکیں گے: اور
- مالی گوشواروں کو عمودی طریقے سے پیش کر سکیں گے۔

## 10.1 تطبیق کی ضرورت (Need for Adjustments)

حساب کے حاصلانہ تصور کے مطابق کسی حسابی سال میں نفع یا نقصان نقدی کی شکل میں حاصل ہونے والی آمدنیوں اور نقد ادا کردہ خرچوں پر مبنی نہیں ہوتا کیونکہ سال رواں کے دوران آمدنیوں کی کچھ وصولیاں اور اخراجات کی کچھ ادائیگیاں ایسی ہوسکتی ہیں جن کا تعلق سال گزشتہ یا آنے والے سال سے ہو۔

© NCERT not to be republished

اس کے علاوہ سال رواں کی آمدنیاں یا اخراجات ایسے ہوسکتے ہیں جو ابھی کھاتوں میں چڑھائے جانے باقی ہوں۔ جب تک ایسی مدوں کی تطبیق (Adjustment) نہیں کی جاتی اس وقت تک حتمی حسابات، کاروباری معاملات کی سچی اور صحیح تصویر پیش نہیں کرسکتے۔

آیئے ایک مثال 1200 روپے کی ایک رقم کی لیں جو بیمہ کی قسط یا پریمیم کے طور پر یکم جولائی 2016 کو ادا کی گئی۔ آپ جانتے ہیں کہ کسی بھی عام بیمہ کا پریمیم بارہ ماہ کی مدت کے لیے ہوتا ہے۔ اب مان لیجئے کہ حسابی سال 31 مارچ 2017 کو ختم ہوتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ یکم جولائی 2016 کو بیمہ کی ادا کردہ قسط کا ایک چوتھائی حصہ اگلے حسابی سال 18-2017 سے تعلق رکھتا ہے۔ اس لئے 17-2016 کے مالی گوشوارے تیار کرتے وقت بیمہ کے پریمیم کا خرچ جو نفع ونقصان کے کھاتے میں ڈیبٹ ہونا چاہئے وہ 900 روپے ہے (1,200—300 روپے)۔

ایک دوسری مثال لیتے ہیں۔ مارچ 2017 کے مہینے کی تنخواہیں 7 اپریل 2017 کو ادا کی گئیں۔ اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ 17-2016 کے تنخواہوں کے کھاتے میں مارچ 2017 کے مہینے کی تنخواہ شامل نہیں ہے۔ ایسی غیر اداشدہ تنخواہوں کے لئے واجب الادا تنخواہوں (Salaries Outstanding) کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ انہیں کھاتوں میں دکھایا جانا ضروری ہوتا ہے اور نفع ونقصان کے کھاتے میں تنخواہوں کے ساتھ ڈیبٹ کیا جاتا ہے جو اپریل 2016 سے فروری 2017 تک دی جاچکی ہیں۔

اسی طرح کچھ ایسی آمدنیوں کے معاملے میں بھی جو پیشگی وصول ہوچکی ہوں یا ایسی آمدنیوں کے بارے میں جو واجب ہوچکی ہیں لیکن ابھی موصول نہیں ہوئی، تطبیق ضروری ہے۔ ان کے علاوہ کچھ ایسی مدیں ہوتی ہیں جو روزمرہ کی بنیاد پر ریکارڈ نہیں کی جاتیں، جیسے قائم اثاثوں کی فرسودگی اور اصل سرمایہ کا سود وغیرہ۔ تطبیق کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ آخری یعنی فائنل کھاتوں سے کاروبار کی مالی حالت اور نفع یا نقصان کی صحیح اور سچی تصویر آشکارا ہوسکے۔ وہ مدیں جن کو عموماً تطبیق کی ضرورت ہوتی ہے، یہ ہیں:

1۔ اختتامی اسٹاک
2۔ واجبات / اخراجات
3۔ پیشگی ادکردہ / مدت ختم نہ ہونے والے اخراجات
4۔ حاصل آمدنی (Accrual Income)
5۔ پیشگی طور پر وصول شدہ آمدنی
6۔ فرسودگی
7۔ ناقابل وصول قرضے
8۔ مشکوک قرضوں کے لیے بندوبست
9۔ قرض داروں کو کچھ چھوٹ دینے کا بندوبست

© NCERT not to be republished

10۔ منیجر کمیشن

11۔ اصل پر سود

یہ بات قابل توجہ ہے کہ مالیاتی گوشوارے تیار کرتے وقت جو تطبیق کرتی ہے اس کے بارے میں ٹرائل بیلنس کے علاوہ ہمیں دوسری اضافی معلومات بھی مہیا کی جاتی ہے۔ آخری یا فائنل حسابات میں دو جگہ تمام تطبیقیں نظر آتی ہیں تا کہ دوہرے اندراج کو مکمل کیا جاسکے۔ باب 9 (صفحہ 455) میں انکت کے ٹرائل بیلنس کو دکھانے والی ہماری سابقہ مثال شکل 10.1 میں دوبارہ دی جارہی ہے۔

**3 مارچ 2017 کو انکت کا ابتدائی بیلنس**

| کھاتہ کا نام | عناصر | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم روپے | کریڈٹ رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| نقدی | اثاثے | | 1,000 | |
| بینک | اثاثے | | 5,000 | |
| اجرتیں | خرچ | | 8,000 | |
| تنخواہیں | خرچ | | 25,000 | |
| فرنیچر | اثاثے | | 15,000 | |
| کرایہ عمارت | خرچ | | 13,000 | |
| قرض دار | اثاثے | | 15,500 | |
| ڈوبے قرض | خرچ | | 4,500 | |
| خریداریاں | خرچ | | 75,000 | |
| اصل | | | | 12,000 |
| ایکوئٹی (Equity) | | | | |
| فروخت | محاصل | | | 1,25,000 |
| قرض خواہ | واجبات | | | 15,000 |
| طویل مدتی قرض (1.4.2013) کو حاصل کیا گیا | واجبات | | | 5,000 |
| وصول شدہ کمیشن | محاصل | | | 5,000 |
| میزان | | | 1,62,000 | 1,62,000 |

اضافی معلومات: بتاریخ 31 مارچ 2017، اسٹاک 15,000 روپے تھا۔

**شکل 10.1**: انکت کا ٹرائل بیلنس

© NCERT not to be republished

اب ہم تطبیقی مدوں کا مطالعہ کریں گے۔ آپ دیکھیں گے کہ یہ تطبیقیں (Adjustments) کاروبار کی نفع ونقصان اور مالی حالت کی صحیح عکاسی کے لئے مالیاتی گوشوارے تیار کرنے میں کسی طرح مددگار رہوتی ہیں۔

## 10.2 اختتامی اسٹاک

باب 9 میں (صفحہ 455) اختتامی اسٹاک ان تمام غیر فروخت شدہ چیزوں یا مال کو دکھاتا ہے جو حسابی مدت کے ختم ہونے پر گوداموں میں پڑا ہے۔ اختتامی اسٹاک سے متعلق تطبیقی عمل اس طرح کیا جاتا ہے: (1) ایسے اسٹاک کو تجارتی اور نفع ونقصان کے کھاتے میں کریڈٹ کر دیا جاتا ہے۔ اس ضمن میں تطبیقی اندراج اس طرح ریکارڈ کیا جاتا ہے:

اختتامی اسٹاک کھاتہ      ڈیبٹ

  تجارتی کھاتے کو

سال کا اختتامی اسٹاک اگلے برس کا ٹرائل اسٹاک بن جاتا ہے اور اگلے برس کے ٹرائل بیلنس میں نظر آتا ہے۔ 31 مارچ 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لیے انکت کا تجارتی اور نفع ونقصان کھاتہ اور اس تاریخ کو اس کا ٹرائل بیلنس مندرجہ ذیل صورت میں ظاہر ہوگا۔

### 31 مارچ 2017 کو
### انکت کا تجارتی اور نفع ونقصان کھاتہ

| ڈیبٹ<br>اخراجات/نقصانات | رقم<br>روپے | محاصل / دیگر منافع | کریڈٹ<br>رقم<br>روپے |
|---|---|---|---|
| خریداریاں | 75,000 | فروخت | 1,25,000 |
| اجرتیں | 8,000 | اختتامی اسٹاک | 15, 000 |
| **خام منافع بقایا نیچے لے جایا گیا c/d** | 57,000 | | |
| | 1,40,000 | | 1,40,000 |
| تنخواہیں | 25,000 | بقایا لایا گیا خام منافع | 57,000 |
| کرایہ عمارت | 13,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 |
| ڈوبے قرض | 4,500 | | |
| **خالص منافع (انکت کے اصل کے کھاتے میں منتقل)** | **19,500** | | |
| | 62,000 | | 62,000 |

کبھی کبھی ابتدائی اور اختتامی اسٹاک کی تطبیق، خریداری کھاتے کے ذریعے کر دی جاتی ہے۔ اس صورت میں اندراج اس طرح کا ہوتا ہے:

اختتامی اسٹاک کھاتہ ڈیبٹ

خریداریوں کے کھاتے کو

اس اندراج کی وجہ سے خریداری کھاتے کی رقم کم ہو جاتی ہے اور اسے تطبیق شدہ خریداریاں بھی کہا جاتا ہے۔ اسے تجارتی اور نفع و نقصان کے کھاتے میں ڈیبٹ کی جانب دکھایا جاتا ہے۔ اس سیاق وسباق میں یہ بات قابل غور ہے کہ اختتامی اسٹاک، تجارتی اور نفع و نقصان کھاتے میں کریڈٹ کی جانب نہیں دکھا جائے گا کیونکہ اس کی تطبیق خریداریوں کے کھاتے کے ذریعے پہلے ہی کی جا چکی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ ایسی صورت میں ابتدائی اسٹاک بھی تجارت اور نفع ونقصان کے کھاتے میں علاحدہ طور پر نہیں نظر آئے گا کیونکہ اس کی تطبیق بھی خریداریوں میں مندرجہ ذیل اندراج کر کے کی جا چکی ہے۔

خریداری کھاتہ ڈیبٹ

ابتدائی اسٹاک کھاتہ کو

ایک دوسری اہم قابل غور بات یہ ہے کہ جب ابتدائی اور اختتامی اسٹاکوں کی تطبیق خریداریوں کے ذریعے کر دی جاتی ہے تو ٹرائل بیلنس کوئی ابتدائی اسٹاک نہیں دکھاتا۔ اس کے بجائے ٹرائل بیلنس میں اختتامی اسٹاک نظر آتا ہے (ایک اضافی معلومات یا ایک تطبیقی مد کے طور پر نہیں) اور اسی طرح تطبیق شدہ خریداریاں بھی نظر آتی ہیں۔ ایسی صورت حال میں آپ کو یاد رکھنا چاہئے کہ تطبیق شدہ خریداریاں تجارتی اور نفع و نقصان کے کھاتے میں ڈیبٹ کر دی جائیں گی۔ اختتامی اسٹاک بیلنس شیٹ کے اثاثوں میں دکھایا جائے گا، جیسا کہ ذیل میں ہے:

## انکت کی بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| فنڈ مالکان | | | غیر رواں اثاثے | |
| اصل سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | 15,000 |
| جمع خالص منافع | 19,500 | 31,500 | رواں اثاثے | |
| غیر رواں واجبات | | | قرض دار | 15,500 |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | بینک | 5,000 |
| رواں واجبات | | | نقدی | 1,000 |
| قرض خواہ | | 15,000 | **اختتامی اسٹاک** | **15,000** |
| | | 51,500 | | 51,500 |

© NCERT not to be republished

## 10.3 واجب الادا اخراجات (Oustanding Expenses)

کسی بھی کاروباری ادارے کے لئے حسابی سال کے اختتام پر کچھ غیر اداشدہ اخراجات کا ہونا ایک عام بات ہے۔ ایسی مدیں عام طور پر اجرتوں، تنخواہوں اور سود پر قرض وغیرہ کی ہوتی ہیں۔

جب کسی حسابی مدت کے اخراجات مدت کے ختم ہونے کے بعد بھی ادا ہونے سے رہ جاتے ہیں تو انہیں واجب الادا اخراجات کہا جاتا ہے۔ چوں کہ ان کا تعلق رواں حسابی سال کے دوران حاصل ہونے والی آمدنی سے ہوتا ہے، لہٰذا یہ بات منطقی ہے کہ آمدنی سے انہیں وصول کیا جائے تاکہ نفع ونقصان کا صحیح حساب لگایا جا سکے۔ ایسے اخراجات کو کھاتے میں لانے کے لئے مندرجہ ذیل اندراج کیا جاتا ہے:

کھاتہ متعلقہ اخراجات ڈیبٹ

واجب الادا خرچ کے کھاتے کو

مذکورہ بالا اندراج سے ایک نیا کھاتہ کھلتا ہے جسے واجب الادا اخراجات کا کھاتہ کہا جاتا ہے۔ یہ اندراج بیلنس شیٹ میں واجبات کی جانب دکھایا جاتا ہے۔ واجب الادا اخراجات کی رقم کو ایک خاص ہیڈ کے تحت کل اخراجات میں جوڑ دیا جاتا ہے تاکہ تجارتی اور نفع و نقصان کھاتے کو تیار کیا جائے۔

مثال کے لئے انکت کے ٹرائل بیلنس کی جانب رجوع کیجئے (دیکھئے شکل 10.1)۔ آپ دیکھیں گے کہ اجرتیں 8,000 روپے کی دکھائی گئی ہیں۔ فرض کیجئے کہ انکت کو اپنے ایک ملازم کو 17-2016 سال سے متعلق 500 روپے دینے ہیں۔ اس طرح اجرتوں کی رقم 8,000 کے بجائے 8,500 روپے، تجارت اور نفع ونقصان کھاتے میں خرچ کے طور پر 8,500 روپے دکھانے چاہئیں اور تسلیم کرنا چاہئے۔ اس کے اپنے اسٹاف کے 500 روپے رواں واجبات ہیں۔ اسے واجب الادا اجرتیں مانا جائے گا اور اجرتوں کے کھاتے میں اس کی تطبیق ذیل میں دیئے ہوئے روزنامچے یعنی جرنل کے اندراج کو ریکارڈ کر کے کی جائے گی:

اجرتوں کا کھاتہ ڈیبٹ 500

واجب الادا اجرتوں کے کھاتے کو 500

واجب الادا اجرتوں کی رقم کو تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ تیار کرنے کے لئے اجرتوں کے کھاتے میں مندرجہ ذیل طریقہ سے جوڑا جائے گا:

## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے انکت کا تجارت اور نفع و نقصان کا کھاتہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| اخراجات/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/دیگر منافع | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| خریداریاں | | 75,000 | فروخت | 1,25,000 |
| **اجرتیں** | **8,000** | | اختتامی اسٹاک | 15,000 |
| **جمع واجب الادا اجرتیں** | **500** | **8,500** | | 1,40,000 |
| **خام منافع بقایا لے جایا گیا c/d** | | 56,000 | خام منافع بقایا نیچے لایا گیا | 56,500 |
| | | 1,450,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 |
| تنخواہیں | | 25,000 | | |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | | |
| ڈوبے قرضے | | 4,500 | | |
| **خالص منافع (انکت کے اصل سرمایہ کے کھاتہ میں منتقل)** | | **19,000** | | |
| | | 61,500 | | 61,500 |

انکت کے تجارتی اور نفع و نقصان کے کھاتے کو بہت غور اور احتیاط کے ساتھ دیکھیے۔ کیا آپ نے غور کیا کہ خالص منافع کی رقم واجب الادا اجرتوں کی وجہ سے گھٹ کر 19,000 روپے رہ گئی۔ واجب الادا یعنی غیر ادا شدہ اجرتوں سے متعلق مد کو بیلنس شیٹ میں مندرجہ ذیل طریقے سے دکھایا جائے گا۔

## 31 مارچ 2017 کو انکت کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| مالک کا فنڈ اصل سرمایہ | 12,000 | | غیر رواں فرنیچر اثاثے | |
| جمع+منافع | 19,000 | 31,000 | رواں اثاثے | 15,000 |
| غیر رواں واجبات | | 5,000 | قرض دار | 15,500 |
| طویل مدتی قرض | | | بینک نقدی | 1,000 |
| رواں واجبات | | 15,000 | اختتامی اسٹاک | 15,000 |
| قرض خواہ | | **500** | | |
| **غیر ادا شدہ اجرتیں** | | 51,500 | | 51,500 |

## 10.4 پیشگی اداشدہ اخراجات

کاروبار کے معمول کے مطابق کام کرنے کے دوران کئی ایسے مصارف ہوتے ہیں جن کی پیشگی ادائیگی کردی جاتی ہے۔حسابی سال کے ختم پر پتہ چلتا ہے کہ ایسے مصارف کے فوائد ہنوز پورے طور پر حاصل نہیں ہوئے ہیں۔فوائد کے کچھ حصوں کے حصول کی توقع اگلے حسابی سال میں ہوتی ہے۔خرچ کے اس حصے کو اگلے سال حسابات میں آگے لے جایا جاتا ہے اور اس کے لئے پیشگی ادا کردہ مصارف (Prepaid Expenses) کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔پیشگی ادا کردہ مصارف کی ضروری تطبیق ذیل میں دیئے ہوئے اندراج کے ذریعے کی جاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پیشگی ادا کردہ خرچ کھاتہ | ڈیبٹ | | |
| متعلقہ خرچ کھاتے کو | | | |

مذکورہ بالا تطبیقی اندراج کا اثر یہ ہوتا ہے کہ پیشگی ادا کردہ رقم کو متعلقہ خرچ کے میزان میں سے کم کردیا جاتا ہے اور بیلنس شیٹ کے واجبات کی جانب پیشگی ادا کردہ خرچ کا ایک نیا کھاتہ دکھایا جاتا ہے۔مثال کے طور پر انکت کے ٹرائل بیلنس کو لے کر فرض کر لیتے ہیں کہ ملازمین کو جو تنخواہیں اس نے ادا کی ہیں ان میں 5,000 کی وہ رقم بھی شامل ہے جو اس نے اپنے ایک ملازم کو کام شروع کرنے کے دن پیشگی طور پر دی تھی۔اس کا مطلب یہ ہے کہ انکت نے اپنے عملے کو 5,000 روپے زیادہ ادا کئے ہیں۔لہٰذا تنخواہوں کا خرچ رواں مدت میں 25,000 کے بجائے 20,000 روپے ہوگا۔انکت کو نفع ونقصان کے کھاتے میں تنخواہوں کے حساب میں 20,000 روپے کا خرچ دکھانا چاہئے اور رواں اثاثے کو ایک ملازم کو دیئے گیے 5,000 روپے پیشگی کے طور پر ادائیگی ماننا چاہئے۔اسے پیشگی تنخواہ کا کھاتہ کہا جائے گا۔اور اس کا اندراج جرنل (روزنامچے) میں مندرجہ ذیل طریقے پر ریکارڈ کیا جائے گا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| پیشگی تنخواہ کا کھاتہ | ڈیبٹ | 5,000 | |
| تنخواہوں کے کھاتے کو | | | 5,000 |

پیشگی تنخواہ کا حساب تجارت اور نفع ونقصان کے کھاتے میں درج ذیل کے مطابق دکھایا جائے گا:

© NCERT not to be republished

## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے انکت کا تجارتی نفع ونقصان کا کھاتہ

**ڈیبٹ** — **کریڈٹ**

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/دیگر منافع جات | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| خریداریاں | | 75,000 | فروخت | 125,000 |
| اجرتیں | 8,000 | | اختتامی اسٹاک | 15,000 |
| جمع غیر ادا شدہ اجرتیں | 500 | 8,500 | | |
| خام منافع نیچے لے جایا گیا | | 56,000 | | |
| | | 140,000 | | 140,000 |
| تنخواہیں | **25,000** | | خام منافع نیچے لایا گیا | 56,500 |
| نفی پیشگی ادا کردہ تنخواہ | **(5,000)** | **20,000** | | |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 |
| ڈوبے قرضے | | 4,500 | | |
| خالص منافع (انکت کے سرمایہ کھاتہ میں منتقل) | | **24,000** | | |
| | | 61,500 | | 61,500 |

غور سے دیکھئے کہ پیشگی تنخواہ کے نتیجے میں خالص منافع کس طرح 5,000 بڑھا ہے اور یہ منافع 24,000 روپے ہو گیا ہے۔ علاوہ ازیں پیشگی تنخواہ کی مد کو بیلنس شیٹ میں اثاثوں کی جانب اس طرح دکھایا جائے گا:

© NCERT not to be republished

## 31 مارچ 2017 کو انکت کا بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| مالک کا فنڈ | | | غیر رواں اثاثے | |
| اصل سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | 15,000 |
| جمع منافع | 24,000 | 36,000 | رواں اثاثے | |
| غیر رواں واجبات | | | قرض دار | 15,000 |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | **پیشگی ادا کردہ تنخواہ** | **5,000** |
| رواں واجبات | | | بینک | 5,000 |
| | | | نقد | 1,000 |
| قرض خواہ | | 15,000 | اختتامی اسٹاک | 15,000 |
| غیر ادا شدہ اجرتیں | | 500 | | |
| | | 56,500 | | 56,500 |

## 10.5 حاصل آمدنی

کبھی ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ آمدنی کی کچھ مدیں جیسے قرض پر سود، کمیشن اور کرایہ وغیرہ رواں حسابی سال میں حاصل ہوئے ہوں لیکن اس سال کے اختتام تک واقعتاً ان کی وصولیابی ہوئی ہو۔ ایسی آمدنیوں کو حاصل شدہ آمدنی کہا جاتا ہے۔ حاصل آمدنی کی تطبیق کا اندراج اس طرح کیا جاتا ہے:

حاصل آمدنی کھاتہ ڈیبٹ

متعلقہ آمدنی کے کھاتہ کو

حاصل آمدنی کی رقم کو نفع ونقصان کے کھاتے میں متعلقہ آمدنی میں جوڑا جائے گا اور حاصل آمدنی کا حساب بیلنس شیٹ کے اثاثوں کی جانب دکھایا جائے گا۔ مثال کے طور پر فرض کر لیتے ہیں کہ انکت اپنے کسی بیوپاری ساتھی کی چند پارٹیوں سے متعارف کرا کے مدد کرنا چاہتا تھا اور اس خدمت کا کمیشن بھی لے رہا تھا۔ انکت کے ٹرائل بیلنس میں آپ دیکھیں گے کہ ایک مد وصول شدہ کمیشن کی ہے، جس کی رقم 5,000 روپے ہے۔ فرض کر لیجیے کہ 1,500 روپے کا کمیشن ساتھی بیوپاری سے ابھی اور وصول ہونا تھا۔ اس کا



© NCERT not to be republished

مطلب یہ ہوا کہ 17-2016 کے دوران کمیشن سے کمائی ہوئی آمدنی 6,500 روپے ہے (1,500+5,000 روپے)۔ انکت کو چاہئے کہ حاصل شدہ کمیشن کو دکھانے کے لئے ایک تطبیقی اندراج ریکارڈ کرے جو اس طرح ہوگا:

| | | |
|---|---|---|
| حاصل شدہ کمیشن کھاتہ | ڈیبٹ | 1,500 |
| کمیشن کے کھاتہ کو | | 1,500 |

حاصل شدہ آمدنی کا حساب تجارت اور نفع ونقصان کے کھاتے میں مندرجہ ذیل طریقے سے ریکارڈ کیا جائے گا:

## انکت کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ
## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ ... کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| خریداریاں | | 75,000 | فروخت | | 1,25,000 |
| اجرتیں | 8,000 | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| جمع واجب الادا | 500 | 8,500 | | | |
| خام منافع (نیچے لیا گیا) | | 56,500 | | | |
| | | 1,40,000 | | | 1,40,000 |
| تنخواہیں | 25,000 | | خام منافع (نیچے لایا گیا) | | 56,500 |
| نفی پیشگی ادا شدہ | (5,000) | 20,000 | **وصول شدہ کمیشن** | **5,000** | |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | **جمع حاصل شدہ کمیشن** | **1,500** | **6,500** |
| ڈوبے قرضے | | 4,500 | | | |
| **خالص منافع (انکت کے اصل سرمایہ کھاتے میں منتقل کیا گیا)** | | 25,500 | | | |
| | | 63,000 | | | 63,000 |

غور کیجئے کہ حاصل شدہ آمدنی کے نتیجے میں خالص منافع 1,500 روپے زیادہ ہوا ہے جس کی وجہ سے یہ بڑھ کر 25,500 روپے ہو گیا ہے۔ علاوہ ازیں، اسے انکت کی بیلنس شیٹ میں اثاثوں کی جانب رواں اثاثوں کی مد میں دکھایا جائے گا۔

© NCERT not to be republished

## 31 مارچ 2017 کو انکت کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | محاصلات/منافع جات وغیرہ | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| فنڈ مالک | | | غیر رواں اثاثے | |
| سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | 15,000 |
| جمع منافع | 25,500 | 37,000 | رواں اثاثے | |
| غیر رواں واجبات | | | قرض دار | 15,500 |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | پیشگی ادا کردہ تنخواہیں | 5,000 |
| رواں واجبات | | | **وصول شدہ کمیشن** | **1,500** |
| قرض خواہ | | 15,000 | بینک | 5,000 |
| غیر ادا شدہ اجرتیں | | 5,00 | نقد | 1,000 |
| | | | اختتامی اسٹاک | 15,000 |
| | | 58,000 | | 58,000 |

## 10.6 پیشگی وصول شدہ

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کوئی آمدنی وصول تو ہو جاتی ہے لیکن اس کی پوری رقم موجودہ یا رواں مدت کی نہیں ہوتی۔ آمدنی کا وہ حصہ جو آنے والی حسابی مدت کا ہوتا ہے اسے پیشگی وصول شدہ آمدنی یا بنا کمائی ہوئی آمدنی کہا جاتا ہے۔ پیشگی وصول شدہ آمدنی کی تطبیق ذیل کے اندراج کو ریکارڈ کر کے کی جاتی ہے:

متعلقہ آمدنی کھاتہ ڈیبٹ

وصول شدہ آمدنی کے کھاتے کو

اس اندراج کا اثر یہ ہوگا کہ آمدنی کے کھاتے کا بقایا (بیلنس) رواں حسابی مدت میں کمائی ہوئی آمدنی کے برابر ہو جائے گی اور پیشگی وصول شدہ آمدنی کا کھاتہ بیلنس شیٹ میں واجبات کے طور پر دکھایا جائے گا۔

مثال کے طور پر فرض کر لیجئے کہ انکت 31 مارچ 2017 کو عمارت کا ایک حصہ اپنے ایک ساتھی دکاندار کو 1,000 روپے ماہانہ کرائے پر دینے پر رضامند ہو گیا۔ دکاندار اگلے تین مہینے یعنی اپریل مئی اور جون کا کرایہ پیشگی ادا کر دیتا ہے۔ یہ وصول شدہ رقم نفع ونقصان کھاتے میں کریڈٹ کر دی گئی تھی۔ تاہم اس آمدنی کا تعلق سال رواں سے نہیں ہے اور اس لئے نفع ونقصان کے کھاتہ میں کریڈٹ نہیں

© NCERT not to be republished

کی جائے گی۔ یہ پیشگی وصول شدہ آمدنی ہے اور اسے 3,000 روپے کے واجبات کے طور پر مانا جائے گا۔ انکت کو ایک تطبیقی اندراج کرنے کی ضرورت ہے تاکہ پیشگی وصول شدہ آمدنی کی روزنامچہ میں اندراج کے ذریعے تطبیق کی جاسکے۔

| | | |
|---|---|---|
| وصول شدہ کرایہ ڈیبٹ | 3,000 | |
| پیشگی طور پر وصول شدہ کرایہ کھاتہ | | 3,000 |

اس سے پیشگی وصول شدہ کرایہ کا ایک نیا کھاتہ 3,000 روپے کا کھولا جائے گا جو مندرجہ ذیل شکل میں ہوگا :

## 31 مارچ 2017 کو انکت کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| + مالک کا فنڈ | | | غیر رواں اثاثے | |
| اصل سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | 15,000 |
| + خالص منافع | 25,500 | 37,000 | رواں اثاثے | |
| غیر رواں واجبات | | | قرض دار | 15,500 |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | پیشگی ادا شدہ تنخواہ | 5,000 |
| رواں واجبات | | | وصول شدہ کمیشن | 1,500 |
| قرض خواہ | | 15,000 | بینک | 5,000 |
| غیر ادا شدہ اجرتیں | | 500 | نقد | 4,000 |
| **پیشگی وصول شدہ کرایہ** | | **3,000** | اختتامی اسٹاک | 15,000 |
| | | 61,000 | | 61,000 |

## 10.7 فرسودگی (Depreciaton)

باب 7 (حصہ اوّل) سے آپ کو یاد آئے گا کہ فرسودگی کے معنی ٹوٹ پھوٹ، گھساؤ اور وقت کے گزرنے کی وجہ سے اثاثوں کی مالیت اور قدر و قیمت میں کمی واقع ہونا ہے۔ اس کو کاروبار کا خرچ سمجھا جاتا ہے اور نفع ونقصان کے کھاتہ میں اسے ڈیبٹ کر دیا جاتا ہے۔ عملی طور پر اس کا مطلب ہے اس اثاثے کے کسی حصے کی قیمت کو قلمزد (Write off) کر دینا، جس کا استعمال کاروبار میں نفع کمانے کے مقصد سے کیا جاتا رہا ہے۔ فرسودگی کا اندراج ذیل میں دکھائے گئے طریقے سے ہوتا ہے:

کھاتہ فرسودگی ڈیبٹ

متعلقہ کھاتے کو

بیلنس شیٹ میں اثاثہ کو اس کی قیمت میں سے فرسودگی کی رقم کو نکال کر دکھایا جائے گا۔ مثال کے طور پر ہماری مثال میں ٹرائل بیلنس دکھاتا ہے کہ انکت کا فرنیچر کا ایک کھاتہ ہے جس میں 15,000 روپے کا بقایا (بیلنس) ہے۔ فرض کر لیتے ہیں کہ فرنیچر میں 10% سالانہ کی فرسودگی ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انکت کو یہ مان لینا چاہیے کہ سال کے آخر میں فرنیچر کی قیمت 1,500 روپے کم ہو جائے گی (15,000×10%)۔ انکت کو چاہیے کہ ایک تطبیقی اندراج کرے جس میں فرنیچر کی فرسودگی شامل ہو۔ یہ اندراج اس طرح کیا جائے گا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| کھاتہ فرسودگی | ڈیبٹ | 1,500 | |
| فرنیچر کے کھاتے کو | | | 1,500 |

نفع و نقصان کے کھاتے میں فرسودگی مندرجہ ذیل طریقے سے دکھائی جائے گی:

## انکت کا تجارتی اور نفع و نقصان کا کھاتہ 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ | کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصلات/منافع جات وغیرہ | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| خریداریاں | | 75,000 | فروخت | | 1,25,000 |
| اجرتیں | 8,000 | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| جمع غیر ادا شدہ اجرتیں | (5,00) | 8,500 | | | |
| خام منافع بقایا نیچے لے جایا گیا | | 56,500 | | | |
| | | 140,000 | | | 140,000 |
| تنخواہیں | 25,000 | | خام منافع نیچے لایا گیا | | 56,500 |
| نفی پیشگی ادا کردہ | (5,000) | 20,000 | | | |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 | 6,500 |
| **فرنیچر فرسودگی** | | **1500** | + حاصل شدہ کمیشن | 1,500 | |
| ڈوبتے قرضے | | 4,500 | | | |
| **خالص منافع (انکت کے کھاتہ اصل میں منتقل کیا گیا)** | | **24,000** | | | |
| | | 63,000 | | | 63,000 |

آپ نے غور کیا ہوگا کہ فرسودگی کی تطبیق کے ساتھ خالص منافع کی رقم کم ہوگئی ہے۔ آیئے اب دیکھیں کہ بیلنس شیٹ میں فرسودگی کو بطور خرچ کس طرح دکھایا جائے گا۔

## انکت کی بیلنس شیٹ

## بموجب 31 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| فنڈ مالک | | | غیر رواں اثاثے | | |
| اصل سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | **15,000** | |
| جمع منافع | <u>24,000</u> | 36,000 | نفی فرسودگی | (**<u>1,500</u>**) | **13,500** |
| غیر رواں واجبات | | | رواں اثاثے | | |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | قرض دار | | 15,500 |
| رواں واجبات | | | پیشگی ادا کردہ تنخواہ | | 5,000 |
| قرض خواہ | | 15,000 | وصول شدہ کمیشن | | 1,500 |
| غیر ادا شدہ اجرتیں | | 500 | بینک | | 5,000 |
| پیشگی وصول شدہ کرایہ | | 3,000 | نقدی | | 4,000 |
| | | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| | | 59,500 | | | 59,500 |

## 10.8 ڈوبے ہوئے قرضے

ان قرضوں سے مراد وہ رقمیں ہیں جنھیں قرض داروں سے واپس لینے میں فرم کامیاب نہیں رہی ہے۔ اسے نقصان مانا جاتا ہے اور **''ڈوبے قرضوں''** کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے ایسے قرضوں کا اندراج مندرجہ ذیل طریقے سے ریکارڈ کیا جاتا ہے:

کھاتہ ڈوبے قرضہ جات ڈیبٹ

قرض داروں کے کھاتے کو

آپ انکت کے ٹرائل بیلنس میں دیکھیں گے کہ اس میں ڈوبے ہوئے قرضے شامل ہیں جن کی رقم 4,500 روپے ہے۔ ٹرائل بیلنس میں ڈوبے ہوئے قرضوں کی موجودگی سے پتہ چلتا ہے کہ انکت کو ان قرضوں کی وجہ سے دوران سال نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ یہ قرضے حساب کی کتابوں میں پہلے ہی ریکارڈ کئے جا چکے ہیں۔

بہرحال یہ فرض کرتے ہوئے کہ اس کے قرض داروں میں سے ایک جس پر انکت کے 2,500 روپے ادھار تھے دیوالیہ ہو چکا ہے۔

© NCERT not to be republished

اوراب اس سے کسی وصولی کی امید باقی نہیں ہے۔لیکن ڈوبے ہوئے قرضوں کی رقم،جس کا تعلق موجودہ سال سے ہے،ابھی زیرحساب آنی ہے۔یہ حقیقت اضافی معلومات کے طور پر سامنے آتی ہےاوراس کے لئے مزید ڈوبے قرضہ جات (Further bad debts) کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔اس رقم کے تطبیقی اندراج کومندرجہ ذیل طریقے سے ریکارڈ کیا جائے گا۔اس مقصد کے لئے انکت کو ایک تطبیقی اندراج ریکارڈ کرنا ہوگا جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے:

کھاتہ ڈوبے قرضہ جات ڈیبٹ 2,500

قرض داروں کے کھاتہ کو 2,500

اس اندراج سے قرض داروں کی مالیت کم ہوکر 13,000 روپے ہوجائے گی(15,500 روپے – 2,500روپے) اورڈوبے قرضہ جات کی رقم بڑھ کر7,000 روپے ہوجائے گی(4,500روپے + 2,500روپے)۔

بیلنس شیٹ اورنفع ونقصان کے کھاتے میں مزید ڈوبے قرضہ جات کے ساتھ جو کچھ کیا جائے گا وہ ذیل میں دکھایا گیا ہے:

## 31مارچ 2017 کوختم شدہ سال کے لئے
## انکت کا تجارتی اورنفع ونقصان کا کھاتہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/دیگر منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| خریداریاں | | 75,000 | فروخت | | 1,25,000 |
| اجرتیں | 8,000 | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| جمع واجب الادا اجرتیں | 500 | 85.00 | | | |
| خام منافع بقایا نیچے لے جایا گیا | | 56,000 | | | |
| | | 140,000 | | | 140,000 |
| تنخواہیں | 25,000 | | خام منافع نیچے لے جایا گیا | | 56,500 |
| نفی تنخواہ پیشگی ادا کردہ | (5,000) | 20,000 | | | |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 | 65,000 |
| فرنیچر پر فرسودگی | | 1,500 | جمع حاصل شدہ کمیشن | 1,500 | |
| ڈوبے قرضے | **4,500** | | | | |
| جمع مزید ڈوبے قرض | **2,500** | **7,000** | | | |
| خالص منافع (انکت کے کھاتہ اصل میں منتقل کیا گیا) | | **21,500** | | | |
| | | 63,000 | | | 63,000 |

© NCERT not to be republished

## انکت کو بیلنس شیٹ مورخہ 3 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| فنڈ مالک | | | غیر رواں اثاثے | | |
| اصل سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | 15,000 | |
| + منافع | 21,500 | 33,500 | نفی فرسودگی | (1,500) | 13,500 |
| غیر رواں واجبات | | | رواں اثاثے | | |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | قرض دار | **15,500** | |
| | | | نفی مزید ڈوبتے قرضہ جات | **(2,500)** | **13,000** |
| رواں واجبات | | | پیشگی ادا کردہ تنخواہ | | 5,000 |
| قرض خواہاں | | 15,000 | حاصل شدہ کمیشن | | 1,500 |
| | | | بینک | | 5,000 |
| غیر ادا شدہ اجرتیں | | 500 | نقدی | | 4,000 |
| | | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| پیشگی وصول شدہ کرایہ | | 3,000 | | | |
| | | 57,000 | | | 57,000 |

## 10.9 ڈوبے قرضوں اور مشکوک قرضوں کا بندوبست (Provision)

اوپر دی ہوئی بیلنس شیٹ میں قرض داروں کے سامنے 13,000 روپے دکھائے گئے ہیں جو اگلے سال کے دوران تخمینی قابل وصول مالیت ہے یعنی اندازاً 13,000 روپے قرض داروں سے وصول کئے جا سکتے ہیں۔ اس بات کا امکان ہے کہ مستقبل میں یہ پوری رقم وصول نہ کی جا سکے۔ بہر حال اس طرح کے ڈوبے قرضوں کی صحیح رقم جاننا ممکن نہیں۔ اس لئے ایک معقول تخمینہ اس طرح کے نقصان کا لگایا جاتا ہے اور اس کے لئے بندوبست کیا جاتا ہے۔ اس بندوبست کو ڈوبے قرضوں کا بندوبست کہا جاتا ہے اور اسے نفع ونقصان کے کھاتے میں ڈیبٹ کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں جرنل میں درج ذیل اندراج ریکارڈ کیا جاتا ہے:

نفع ونقصان کا کھاتہ ڈیبٹ

مشکوک قرضوں کے بندوبست

مشکوک قرضوں کے بندوبست کو بیلنس شیٹ میں اثاثہ جات کی طرف دکھا کر انھیں قرض داروں سے منہائی کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

فرض کر لیجئے انکت کو ایسا لگتا ہے کہ 31 مارچ 2017 کو اس کے 5% قرض دار اگلے سال کی ادائیگیاں نہیں کریں گے۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ اسے ڈوبے قرضوں کے 650 روپے کے ہونے کا خدشہ ہے (13,000 + 5%)۔انکت کو تطبیقی اندراج اس طرح ریکارڈ کرنا ہوگا:

نفع ونقصان کا کھاتہ ڈیبٹ 650

مشکوک قرضہ جات کے بندوبست کھاتہ کو 650

اس کا مطلب ہے کہ مشکوک قرضوں کی وجہ سے یہ 650 روپے سال رواں کے منافع کو کم کردیں گے۔بیلنس شیٹ میں اسے متفرق قرض داروں کی منہائی کے طور پر دکھایا جائے گا۔

## 31 مارچ 2017 کو ختم شدہ سال کے لئے
## انکت کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| خریداریاں | | 75,000 | فروخت | | 1,25,000 |
| اجرتیں | 8,000 | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| جمع غیرادا شدہ | 500 | 8,500 | | | |
| خام منافع | | 56,000 | | | |
| | | 1,40,000 | | | 140,000 |
| تنخواہیں | 25,000 | | خام منافع بقایالایا گیا | | 56,500 |
| نفی پیشگی ادا کردہ تنخواہ | (5000) | 20,000 | | | |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 | |
| فرنیچر پر فرسودگی | | 1,500 | + حاصل شدہ کمیشن | 1,500 | 6,500 |
| ڈوبے قرض | 4,500 | | | | |
| جمع مزید ڈوبے قرض | 2,500 | 7,000 | | | |
| **مشکوک قرضوں کا بندوبست** | | **650** | | | |
| خالص منافع (انکت کے اصل کھاتے میں منتقل کردیا گیا) | | 20,850 | | | |
| | | 63,000 | | | 63,000 |

© NCERT not to be republished

## 31 مارچ 2017 کو انکت کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| فنڈ مالک | | | غیر رواں اثاثے | | |
| اصل سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | 15,000 | |
| جمع خالص منافع | 20,850 | 32,850 | نفی فرسودگی | (1500) | 13,500 |
| غیر رواں واجبات | | | رواں اثاثے | | |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | قرض دار | **15,500** | |
| | | | **نفی مزید ڈوبے قرضہ جات** | **2,500** | |
| | | | | 13,000 | |
| | | | **نفی مشکوک قرضوں کا انتظام** | **650** | **12,350** |
| موجودہ واجبات اور بندوبست (Provision) | | | پیشگی ادا کردہ تنخواہ | | 5,000 |
| قرض خواہ | | 15,000 | حاصل شدہ کمیشن | | 15,00 |
| غیر ادا شدہ اجرتیں | | 500 | بینک | | 5,000 |
| پیشگی وصول شدہ کرایہ | | 3,000 | نقدی | | 4,000 |
| | | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| | | 56,350 | | | 56,350 |

یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ سال کے ختم ہونے پر مشکوک قرضوں کے لئے کیا گیا بندوبست اگلے برس کے لئے آگے لے جایا جائے گا اور اگلے سال کے دوران ڈوبے قرضوں کی وجہ سے ہونے والے نقصان کو پورا کرنے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ مشکوک قرضوں کے لئے رکھا گیا بندوبست جسے گزشتہ سال کے حساب سے منتقل کیا گیا ہے، ابتدائی بندوبست (Opening Provision) یا قدیم بندوبست (Old Provision) کہلاتا ہے۔ جب ایسا بندوبست پہلے ہی سے موجود ہوتا ہے تو سال میں رواں ڈوبے ہوئے قرضہ جات سے ہونے والے نقصان کی تطبیق اس کے بالمقابل کردی جاتی ہے اور جب سال رواں کے اختتام پر ڈوبے قرضوں کے لئے پروویژن کی جاتی ہے تو اسے نئی پرووپژن کہا جاتا ہے۔ پرانی پرووپژن کے بقایا میزان کو بھی جیسا کہ ٹرائل بیلنس میں دیا گیا ہے، شمار کیا جانا چاہئے۔

اب ایک مثال کے ذریعے یہ سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ کس طرح ڈوبے قرضے اور مشکوک قرضوں کی پرووپژن کو ریکارڈ کیا جاتا

© NCERT not to be republished

ہے، 31مارچ 2017 کے ایک ٹرائل بیلنس کا ایک اقتباس ذیل میں دیا جاتا ہے:

| | روپے |
|---|---|
| متفرق قرض دار | 32,000 |
| ڈوبے قرضے | 2,000 |
| مشکوک قرضوں کے لئے بندوبست (پروویژن) | 3,500 |

اضافی معلومات :

مزید ڈوبے قرضوں کو جو 1,000 روپے کے ہیں قلمزد کردیجئے اور مشکوک قرضوں کے لئے (پروویژن) پیدا کی جائے اور قرض داروں سے 5% کی شرح سے وصولیابی کا بندوبست کیجیے۔

اس طرح جرنل کے مندرجہ ذیل اندراجات ریکارڈ کئے جائیں گے:

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم روپے | کریڈٹ رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| | (a) ڈوبے قرضوں کا کھاتہ ڈیبٹ | | | 1,000 |
| | متفرق قرض داروں کو | | 1,000 | |
| | (مزید ڈوبے قرضے) | | | |
| | (b) مشکوک قرضے کھاتہ ڈیبٹ | | 3,000 | |
| | ڈوبے قرضوں کے کھاتے کو | | | 3,000 |
| | (پروویژن کے بالمقابل ڈوبے قرضوں کی تطبیق کی گئی) | | | |
| | نفع ونقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 1,050 | |
| | مشکوک قرضوں کے بندوبست کھاتہ کو | | | 1,050 |
| | (رقم نفع ونقصان کے کھاتہ سے لی گی) | | | |

© NCERT not to be republished

## نفع ونقصان کا کھاتہ
## برائے سال ختم شدہ 31 مارچ 2017

| روپے | | روپے | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | مشکوک قرضہ جات کا بندوبست |
| | | | 2,000 | ڈوبے قرضے |
| | | | 1,000 | مزید ڈوبے قرضے |
| | | | 1,550 | نیا بندوبست |
| | | | 4,550 | |
| | | 1,050 | 3,500 | نفی قدیم بندوبست |

*صرف متعلقہ مدیں

## بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017

| | | | روپے |
|---|---|---|---|
| | | متفرق قرض دار 32,000 | |
| | | نفی مزید ڈوبے قرضے (1,000) | |
| | | ڈوبے قرضے 31,000 | |
| | | نفی بندوبست برائے مشکوک قرضہ جات (1,550) | 29,450 |

*صرف متعلقہ مدیں

**نوٹ :** مشکوک قرضوں کے لئے نئے بندوبست کا حساب درج ذیل طریقے پر کیا گیا ہے۔

1,550 روپے = 31,000[1]×5/100 روپے

## 10.10 قرض داروں کو چھوٹ دینے کے لئے بندوبست

کاروباری ادارے اپنے قرض داروں کو وقت پر ادائیگی کی حوصلہ افزائی کے لئے چھوٹ یعنی رعایت دیتے ہیں۔ایک حسابی سال میں امکانی چھوٹ کا تخمینہ لگایا جاتا ہے اور قرض داروں کو چھوٹ دینے کے لئے اس کا بندوبست کیا جاتا ہے۔چھوٹ اچھے قرض داروں کو مہیا کی جاتی ہے۔یہ کام مزید ڈوبے قرضوں کو کم کرکے کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی مشکوک قرضوں کا بندوبست کیا جاتا ہے۔قرض داروں کو چھوٹ دینے کا انتظام کرنے کے لئے روزنامچے (جرنل) میں مندرجہ ذیل اندراج ریکارڈ کیا جاتا ہے:

نفع ونقصان کھاتہ ڈیبٹ

قرض داروں کے لئے چھوٹ کا بندبست کھاتہ

© NCERT not to be republished

جیسا کہ اوپر کہا جاچکا ہے قرض داروں کو چھوٹ دینے کی شق یا گنجائش صرف اچھے قرض داروں کے لئے ہی رکھی جائے گی۔ اس کا حساب قرض داروں پر واجب رقم پر مشکوک قرضوں کو منہا کر کے لگایا جائے گا یعنی 12,350 روپے (13,000 روپے – 650 روپے)۔
انکت کو تطبیقی اندراج اس طرح کرنا ہوگا:

نفع ونقصان کا کھاتہ ڈیبٹ 227
قرض داروں کے لئے چھوٹ کی مد کو 227

بروقت ادائیگی پر ممکنہ رعایت کی وجہ سے سال رواں کا منافع 227 روپے کم ہوجائے گا۔ بیلنس شیٹ میں اسے قرض داروں کے کھاتے سے منہائی کے طور پر دکھایا جائے گا تا کہ قرض داروں سے متوقع وصولیابی کی مالیت 12,123 روپے کو صحیح طریقے پر ظاہر کیا جا سکے۔

## انکت کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ
## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ کریڈٹ

| مصارف / نقصانات | | رقم روپے | محاصلات / دیگر منافع جات وغیرہ | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| خریدار | | 75,000 | فروخت | | 1,25,000 |
| اجرتیں | 8,000 | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| جمع واجب الادا اجرتیں | (500) | 8,500 | | | |
| خام (مجموعی) منافع | | 56,500 | | | |
| | | 1,40,000 | | | 1,40,000 |
| تنخواہیں | 25,000 | | خام منافع نیچے لایا گیا | | 56,500 |
| نفی ادا شدہ تنخواہ | (5,000) | 20,000 | | | |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 | 6,500 |
| فرنیچر پر فرسودگی | | 1,500 | جمع حاصل شدہ کمیشن | 1500 | |
| ڈوبے قرضے | 4,500 | | | | |
| جمع مزید ڈوبے قرضے | 2,500 | 7,000 | | | |
| مشکوک قرضوں کی مد | | 650 | | | |
| قرض داروں کو چھوٹ کی مد | | **227** | | | |
| خالص منافع (انکت کے اصل کے کھاتے میں منتقل کردیا گیا) | | **20,623** | | | |
| | | 63,000 | | | 63,000 |

© NCERT not to be republished

## 31 مارچ 2017 کو انکت کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| فنڈ مالکان | | | غیر رواں اثاثے | | |
| اصل سرمایہ | 1,2000 | | فرنیچر | 1,5000 | |
| جمع خالص منافع | 20,623 | 32,623 | نفی فرسودگی | (1,500) | 13,500 |
| غیر رواں واجبات | | | رواں اثاثے | | |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | **قرض دار** | **15,500** | |
| | | | نفی مزید ڈوبے قرضے | **2,500** | |
| | | | | **13,000** | |
| موجودہ واجبات اور پروویژن | | | **نفی ڈوبے اور مشکوک** | **650** | |
| قرض خواہ | | 15,000 | **قرضوں کی مد** | **12,350** | |
| | | | **نفی قرض داروں کو چھوٹ کی مد** | **(227)** | **12,123** |
| | | | پیشگی ادا کردہ تنخواہ | | 5,000 |
| | | | حاصل شدہ کمیشن | | 15,00 |
| | | | بینک | | 5,000 |
| واجب الادا اجرتیں | | 5,00 | نقدی | | 4,000 |
| پیشگی موصولہ کرایہ | | 3,000 | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| | | 56,123 | | | 56,123 |

آنے والے سال میں چھوٹ کی رقم کو قرض داروں کے کھاتے چھوٹ کا بندوبست میں منتقل کر دیا جائے گا۔ کھاتے کی حیثیت وہی ہوگی جو مشکوک قرضوں کے لیے بندوبست کی ہوتی ہے۔

## 10.11 منیجر کا کمیشن

کبھی کبھی کاروبار کے منیجر کو کمپنی کے خالص منافع پر کمیشن دیا جاتا ہے۔ کمیشن کا فی صد کا اطلاق یا تو ایسی کمیشن کے لینے سے پہلے یا اس کے بعد کے منافع پر ہوتا ہے۔ ایسی کسی معلومات کی عدم موجودگی میں یہ فرض کر لیا جاتا ہے کہ کمیشن کو نکالنے سے پہلے خالص منافع کے فی صد کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔

مان لیجیے کہ کاروبار کا خالص منافع کمیشن لینے سے پہلے 110 روپے ہے۔ اگر منیجر کمیشن نکالنے سے پہلے منافع کے 10% کا حقدار (Eligible) ہے تو کمیشن کا حساب اس طرح لگایا جائے گا:

© NCERT not to be republished

110×10/100 روپے
=11روپے

اگر کمیشن لینے کے بعد وہ منافع کا 10% ہے تو اس کا حساب اس طرح نکالا جائے گا:

$$= 110 + \frac{10}{100}$$ = کمیشن سے پہلے کا منافع 10 روپے × کی شرح / (100+کمیشن )

منیجر کے کمیشن کی تطبیق حساب کی کتابوں میں مندرجہ ذیل اندراج ریکارڈ کر کے کی جائے گی:

نفع ونقصان کا کھاتہ ڈیبٹ
منیجر کے کمیشن کے کھاتے کو

آ یئے سابقہ مثال یاد کریں اور فرض کرلیں کہ انکت کا منیجر کی 10% کی شرح سے کمیشن کا حقدار ہے :
تجارتی اور نفع ونقصان کے کھاتے کو غور سے دیکھ کر بتایئے کہ کمیشن مندرجہ ذیل میں سے کس پر مبنی ہے:
(i) کمیشن لینے سے پہلے خالص منافع کی رقم (ii) کمیشن لینے کے بعد منافع کی رقم

## (i) انکت کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ
## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| خریداریاں | | 75,000 | فروخت | | 1,25,000 |
| اجرتیں | 8,000 | 8,500 | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| جمع واجب الادا اجرتیں | 500 | 56,500 | | | |
| خام منافع نیچے لے جایا گیا | | 1,40,000 | | | 1,40,000 |
| تنخواہ | 25,000 | | خام منافع | | 56,500 |
| نفی پیشگی ادا کردہ تنخواہیں | (5,000) | 20,000 | | | |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 | |
| فرسودگی۔فرنیچر | | 1,500 | جمع حاصل شدہ کمیشن | 1,500 | 6,500 |
| ڈوبے قرضے | 4,500 | | | | |
| جمع مزید ڈوبے قرضے | 2,500 | 7,000 | | | |
| مشکوک قرضوں کے لئے بندوبست | | 650 | | | |
| قرض داروں کے لیے چھوٹ کا بندوبست | | 227 | | | |
| **منیجر کا کمیشن** | | **2,062** | | | |
| **خالص منافع (انکت کا اصل کے کھاتے میں منتقل کیا گیا)** | | **18,561** | | | |
| | | 63,000 | | | 63,000 |

© NCERT not to be republished

## 31 مارچ 2017 کو انکت کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | محاصل/منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| فنڈ مالکان | | | غیر رواں اثاثے | | |
| اصل سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | 15,000 | |
| جمع خالص منافع | 18,561 | 30,561 | نفی فرسودگی | (1,500) | 13,500 |
| غیر رواں واجبات | | | رواں اثاثے | | |
| طویل مدتی قرض | | 5,000 | قرض دار | 15,500 | |
| | | | نفی مزید ڈوبے قرضے | (2,500) | |
| | | | | 13,000 | |
| | | | نفی ڈوبے اور مشکوک | (650) | |
| رواں واجبات اور بندوبست | | | | 12,350 | |
| قرض خواہ | | 15,000 | قرضوں کا بندوبست | | |
| | | | نفی قرض داروں کو چھوٹ | (227) | 12,123 |
| واجب الادا اجرتیں | | 500 | پیشگی ادا کردہ تنخواہ | | 5,000 |
| پیشگی وصول شدہ کرایہ | | 3,000 | حاصل شدہ کمیشن | | 1,500 |
| | | | بینک | | 5,000 |
| | | | نقد | | 4,000 |
| **منیجر کا کمیشن واجب الادا** | | **2,062** | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| | | 56,123 | | | 56,123 |

## (ii) انکت کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ
## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصلات / دیگر منافع جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| خریداریاں | | 75,000 | فروخت | | 1,25,000 |
| اجرتیں | 8,000 | | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| جمع واجب الادا اجرتیں | 5,00 | 8,500 | | | |
| خام منافع (بقایا نیچے لے جایا گیا) | | 56,500 | | | |
| | | 1,40,000 | | | 1,40,000 |
| تنخواہیں | 25,000 | | | | |
| نفی پیشگی ادا کردہ تنخواہ | (5,000) | 20,000 | خام منافع بقایا لایا گیا | | 56,500 |
| کرایہ عمارت | | 13,000 | وصول شدہ کمیشن | 5,000 | |
| | | | جمع حاصل شدہ | 1,500 | |
| فرسودگی۔فرنیچر | | 1500 | کمیشن | | 6,500 |
| ڈوبے قرض | 4,500 | | | | |
| جمع مزید ڈوبے قرض | 2,500 | 7,000 | | | |
| بُرے اور مشکوک | | | | | |
| قرضوں کے لئے بندوبست | | 650 | | | |
| قرض داروں کو | | | | | |
| چھوٹ کا بندوبست | | 227 | | | |
| **منیجر کا کمیشن** | | **1,875** | | | |
| **خالص منافع (انکت کے اصل کھاتے میں منتقل)** | | **18,748** | | | |
| | | 63,000 | | | 63,000 |

© NCERT not to be republished

## 31 مارچ 2017 کو انکت کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| مالکان کے فنڈ | | | غیر رواں اثاثے | | |
| اصل سرمایہ | 12,000 | | فرنیچر | 15,000 | |
| جمع خالص منافع | 18,748 | 30,748 | نفی فرسودگی | (1,500) | 13,500 |
| غیر رواں واجبات | | | رواں اثاثے | | |
| طویل مدتی قرضے | | 5,000 | قرض دار | 15,500 | |
| | | | نفی مزید ڈوبے قرضے | (2,500) | |
| | | | | 13,000 | |
| | | | بندوبست بُرے اور مشکوک قرضے | (650) | |
| | | | | 12,350 | |
| | | | نفی قرض داروں | | |
| رواں واجبات اور بندوبست | | | کو دی جانے والی | | |
| قرض خواہ | | 15,000 | چھوٹ کا اہتمام | (227) | 12,123 |
| واجب الادا اجرتیں | | 500 | پیشگی ادا کردہ تنخواہ | | 5,000 |
| | | | وصول شدہ کمیشن | | 1,500 |
| پیشگی وصول شدہ کرایہ | | 3,000 | بینک | | 5,000 |
| | | | نقد | | 4,000 |
| **منیجر کا کمیشن واجب الادا** | | **1,875** | اختتامی اسٹاک | | 15,000 |
| | | 56,123 | | | 56,123 |

© NCERT not to be republished

## 10.12 اصل سرمایہ پر سود

کبھی ہوسکتا ہے کہ کاروبار کا مالک یہ جاننا چاہے کہ اصل سرمایہ پر سود مہیا کرنے کے بعد کتنا منافع ہوا ہے۔ایسی صورت میں حسابی سال کے شروع میں اصل سرمایہ پر سود کا حساب ایک مقررہ در کے مطابق لگایا جاتا ہے۔تاہم اگر سال کے دوران کوئی اضافی سرمایہ لایا جاتا ہے تو ایسی رقم پر بھی سود لگایا جاتا ہے اور یہ اس تاریخ سے شمار کیا جاتا ہے جب اسے کاروبار میں لگایا گیا ہے۔ایسے سود کو کاروبار کا ایک خرچ مانا جاتا ہے اور بہی کھاتوں میں درج ذیل جرنل اندراج ریکارڈ کیا جاتا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| اصل سرمایہ پر سود کا کھاتہ | ڈیبٹ | |
| اصل کے کھاتے کو | | |

حتمی یعنی فائنل حسابات میں اسے نفع ونقصان کے کھاتے میں ڈیبٹ کی طرف ایک خرچ کے طور دکھا جاتا ہے اور بیلنس شیٹ میں اسے اصل کے ساتھ جمع کر دیا جاتا ہے۔

مان لیجئے کہ انکت اپنے اصل سرمایہ پر 5% سود مہیا کرنے کا فیصلہ کرتا ہے۔یہ 600 روپے بنے گا جس کے لئے درج ذیل جرنل یا روزنامچے کا اندراج ریکارڈ کیا جائے گا:

| | | |
|---|---|---|
| اصل سرمایہ پر سود کا کھاتہ | ڈیبٹ | 600 |
| اصل کے کھاتے کو | | 600 |

اس کا مطلب یہ ہے کہ خالص منافع 600 روپے کم ہوجائے گا۔نتیجتاً منافع کی گھٹی ہوئی رقم بیلنس شیٹ میں اصل کے ساتھ جوڑ دی جائے گی۔لیکن جب اصل سرمایہ پر سود اصل سرمایہ میں جوڑ دیا جائے گا تو یہ اثر زائل ہوجائے گا، جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا:

| | روپے |
|---|---|
| اصل سرمایہ | 12,000 |
| جمع منافع | 17,961 |
| | 29,961 |
| جمع اصل سرمایہ پر سود | 600 |
| | 30,561 |

## اپنی سمجھ کی جانچ کیجیے

**صحیح جواب پر (✓) نشان لگائیے:**

1. راہل کا ٹرائل بیلنس آپ کو مندرجہ ذیل معلومات بہم پہنچاتا ہے:

| | |
|---|---|
| قرض دار | 80,000روپے |
| ڈوبے قرض | 2,000روپے |
| ڈوبے قرضوں کے لئے بندوبست | 4,000روپے |

ڈوبے قرضوں کے لئے 1,000 کا بندوبست قائم رکھنے کی خواہش ہے۔
نفع ونقصان کے کھاتے میں ڈیبٹ/کریڈٹ کی جانے والی رقم بتایئے۔

(a) 5,000روپے (ڈیبٹ) (b) 3,000روپے (ڈیبٹ)
(c) 1,000روپے (کریڈٹ) (d) ان میں سے کوئی نہیں:

2. اگر ابھی ایک مہینے کا کرایہ ادا کرنا باقی ہے تو تطبیقی اندراج (Adjustment entry) یہ ہوگا۔
   (a) واجب الادا کرائے کے کھاتے کو ڈیبٹ اور کرائے کے کھاتے کو کریڈٹ کرنا
   (b) نفع ونقصان کے کھاتے کو ڈیبٹ اور کرایہ کے کھاتے کو کریڈٹ کرنا
   (c) کرایہ کے کھاتے کو ڈیبٹ اور نقصان کے کھاتہ کو کریڈٹ کرنا
   (d) کرایہ کے کھاتہ کو ڈیبٹ اور واجب الادا کرایہ کے کھاتے کو کریڈٹ کرنا

3. اگر پیشگی وصول شدہ کرایہ 2,000 روپے ہے تو تطبیقی اندراج اس طرح ہوگا:
   (a) نفع ونقصان کے کھاتے کو ڈیبٹ اور کرایہ کے کھاتہ کو کریڈٹ کرنا
   (b) کرایہ کے کھاتے کو ڈیبٹ اور پیشگی وصول شدہ کرایہ کے کھاتے کو کریڈٹ کرنا
   (c) پیشگی وصول شدہ کے کھاتہ کو ڈیبٹ اور کرایہ کے کھاتے کو کریڈٹ کرنا
   (d) ان میں سے کوئی نہیں:

4. اگر یکم اپریل 2016 کو ابتدائی سرمایہ 50,000 روپے ہے اور یکم جنوری 2017 کو 10,000 روپے کا اضافی سرمایہ ڈالا جاتا ہے اور اصل سرمایہ پر شرح سود 12% سالانہ ہے تو نفع ونقصان کے کھاتے میں 31 مارچ 2017 کو سود کی رقم یہ ہوگی:

(a) 5,250روپے (b) 6,000روپے
(c) 4,000روپے (d) 3,000روپے

5. اگر بیمہ کا ادا کردہ پریمیم (قسط) 1,000 روپے اور پیشگی ادا شدہ 300 روپے ہے تو نفع ونقصان کے کھاتے میں دکھائے گئے بیمہ پریمیم کی رقم کتنی ہوگی۔

(a) 1,300روپے (b) 1,000روپے
(c) 300روپے (d) 700روپے

© NCERT not to be republished

| تطبیق (Adjustment) | تطبیقی اندراج (Adjustment Entry) | نفع ونقصان کے کھاتے میں عمل درآمد | بیلنس شیٹ میں درآمد |
|---|---|---|---|
| 1. اختتامی اسٹاک | اختتامی اسٹاک کھاتہ ڈیبٹ تجارتی کھاتے کو | اثاثوں اور نفع ونقصان کے کھاتے میں کریڈٹ کی جانب دکھایا جاتا ہے۔ | اثاثوں کی طرف دکھایا جاتا ہے |
| 2. واجب الادا مصارف | کھاتہ واجب الادا مصارف کھاتہ کو ڈیبٹ | ڈیبٹ کی جانب متعلقہ خرچ میں جوڑے جاتے ہیں | واجبات کی طرف دکھائے جاتے ہیں |
| 3. پیشگی ادا کردہ/غیر متقضی (Unexpected) مصارف | پیشگی ادا کردہ مصارف کھاتہ کو ڈیبٹ | ڈیبٹ کی جانب متعلقہ خرچ سے کم کیے جاتے ہیں | اثاثہ جات کی طرف دکھائے جاتے ہیں |
| 4. کمائی ہوئی لیکن غیر وصول شدہ آمدنی | حاصل شدہ آمدنی کھاتہ آمدنی کے کھاتے کو ڈیبٹ | کریڈٹ کی جانب متعلقہ آمدنی میں سے کم کی جاتی ہے | اثاثہ جات کی جانب دکھائی جاتی ہے |
| 5. پیشگی وصول شدہ آمدنی | آمدنی کھاتہ وصول شدہ آمدنی کے کھاتے کو ڈیبٹ | کریڈٹ کی طرف متعلقہ آمدنی سے منہا کی جاتی ہے | واجبات کی طرف دکھائی جاتی ہے |
| 6. فرسودگی | فرسودگی کھاتہ اثاثہ کھاتے کو ڈیبٹ | ڈیبٹ کی طرف دکھائی جاتی ہے | اثاثے کی مالیت میں سے منہا کی جاتی ہے |
| 7. ڈوبے اور مشکوک قرضوں کے لئے بندوبست | نفع ونقصان کھاتہ مشکوک قرضوں کے لیے بندوبست کھاتے کو ڈیبٹ | ڈیبٹ کی طرف دکھایا جاتا ہے | قرض داروں سے منہائی کے طور پر دکھایا جاتا ہے |
| 8. قرض داروں کو چھوٹ دینے کا بندوبست | نفع ونقصان کھاتہ قرض داروں کو چھوٹ دینے کے لیے بندوبست کھاتے کو ڈیبٹ | ڈیبٹ کی طرف دکھایا جاتا ہے | قرض داروں سے منہائی کے طور پر دکھایا جاتا ہے |
| 9. منیجر کا کمیشن | منیجر کے کمیشن کا کھاتہ واجب الادا کمیشن کے کھاتے کو ڈیبٹ | ڈیبٹ کی طرف دکھایا جاتا ہے | واجبات کی جانب دکھایا جاتا ہے |
| 10. اصل سرمایہ پر سود | اصل پر سود کا کھاتہ ڈیبٹ | ڈیبٹ کی طرف دکھایا جاتا ہے | واجبات کی جانب دکھایا جاتا ہے |
| 11. مزید ڈوبے قرضے | ڈوبے قرضوں کا کھاتہ اصل سرمایہ کھاتے کو نفع ونقصان ڈیبٹ | ڈیبٹ کی طرف دکھائے جاتے ہیں | قرض داروں سے منہا کئے جاتے ہیں |

**شکل 10.2** : تطبیق کی مختلف قسموں کا عمل درآمد

© NCERT not to be republished

مثال 1

مندرجہ ذیل بقایاجات سے 31 مارچ 2017 کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کیجیے:

| ڈیبٹ بقایاجات | رقم روپے | کریڈٹ بقایاجات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| نکالا ہوا پیسہ | 6,300 | اصل سرمایہ | 1,50,000 |
| بینک میں نقد | 13,870 | وصول شدہ چھوٹ | 2,980 |
| قابل وصول بل | 1,860 | قرض | 15,000 |
| زمین اور عمارت | 42,580 | خریداریوں کی واپسی | 1,450 |
| فرنیچر | 5,130 | فروخت | 2,8,1,500 |
| دی گئی چھوٹ | 3,960 | نا قابل وصول قرضوں کے لیے ریزرو | 4,650 |
| بینک کے اخراجات | 100 | قرض خواہ | 18,670 |
| تنخواہیں | 6,420 | | |
| خریداریاں | 1,99,080 | | |
| اسٹاک (ابتدائی) | 60,220 | | |
| فروخت کی واپسی | 1,870 | | |
| باربرداری | 5,170 | | |
| کرایہ اور ٹیکس | 7,680 | | |
| عام مصارف | 3,630 | | |
| پلانٹ اور مشینری | 31,640 | | |
| بہی کھاتوں کے ادھار | 82,740 | | |
| نا قابل وصول قرضے | 1,250 | | |
| بیمہ | 750 | | |
| | 4,74,250 | | 4,74,250 |

تطبیقات

1۔ اختتامی اسٹاک 70,000 روپے

2۔ نا قابل وصول اور مشکوک قرضوں کے لئے بہی کھاتوں میں درج قرضوں پر %10 کی شرح سے ریزرو بنایا جائے

3۔ بیمہ کی پیشگی ادائیگی 50 روپے

4۔ واجب الادا کرایہ 150 روپے

5۔ قرض پر %6 سالانہ کی شرح سے سود واجب الادا ہے۔

© NCERT not to be republished

## حل

# تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ برائے اختتام سال 31 مارچ 2017

ڈیبیٹ — کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | | 60,220 | فروخت | 2,81,500 | |
| خریداریاں | 1,99080 | | نفی: فروخت کی واپسی | (1,870) | 2,79,630 |
| نفی: خرید کی واپسی | (1,450) | 197,630 | اختتامی اسٹاک | | 70,000 |
| بار برداری | | 5,170 | | | |
| خام منافع نیچے لے جایا گیا | | 86,610 | | | |
| | | 3,49,630 | | | 3,49,630 |
| دی گئی چھوٹ | | 3,960 | | | |
| بینک کا خرچ | | 100 | خام منافع نیچے لایا گیا | | 86,610 |
| تنخواہیں | | 6,420 | وصول شدہ چھوٹ | | 2,980 |
| کرایہ اور ٹیکس | 7,680 | | | | |
| جمع واجب الادا کرایہ | 150 | 7,830 | | | |
| عام اخراجات | | 3,630 | | | |
| بیمہ | 750 | | | | |
| نفی پیشگی ادا کردہ بیمہ | (50) | 700 | | | |
| ناقابل وصول قرضے | 1,250 | | | | |
| جمع ڈوبے قرضوں کے لیے بندوبست | 8,274 | | | | |
| | 9,524 | | | | |
| نفی ڈوبے قرضوں کے لیے پرانا بندوبست | (4650) | 4,874 | | | |
| واجب الادا قرض پر سود | | 900 | | | |
| خالص منافع (اصل کے کھاتے میں منتقل) | | 61,176 | | | |
| | | 89,590 | | | 89,590 |

© NCERT not to be republished

حل

## بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 18,670 | بینک میں نقد | | 13,870 |
| قرض | 15,000 | | بہی کھاتوں میں قرض | 82,740 | |
| جمع: قرض پر واجب سود | 900 | 15,900 | نفی: ریزرو برائے | | |
| واجب کرایہ | | 150 | نا قابل وصول | (8,274) | 74,466 |
| | | | قرضہ جات | | |
| اصل سرمایہ | 1,50,000 | | واجب الوصول بل | | 1,860 |
| جمع: خالص منافع | 61,176 | | زمین اور عمارت | | 42,580 |
| | 2,11,176 | | فرنیچر | | 5,130 |
| نفی: نکالے گئے پیسے | (6,300) | 2,04,876 | پلانٹ و مشینری | | 31,640 |
| | | | بیمہ پیشگی ادا شدہ | | 50 |
| | | | اختتامی اسٹاک | | 70,000 |
| | | 2,39,596 | | | 2,39,596 |

مثال 2

ذیل میں 31 مارچ 2017 کو یوگیتا کے بہی کھاتوں کے بقایا جات درج ذیل ہیں:

| ڈیبٹ بقایا | رقم روپے | کریڈٹ بقایا | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| نقد در دست | 540 | فروخت | 98,780 |
| نقد در بینک | 2,630 | خرید کردہ مال کی واپسی | 500 |
| خریداریاں | 40,675 | اصل سرمایہ | 62,000 |
| فروخت کردہ مال کی واپسی | 680 | متفرق قرض خواہ | 6,300 |
| اجرتیں | 8,480 | کرایہ | 9,000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایندھن اور بجلی | 4,730 | | |
| فروخت شدہ مال کی باربرداری | 3,200 | | |
| خریداری کی باربرداری | 2,040 | | |
| ابتدائی اسٹاک | 5,760 | | |
| عمارت | 32,000 | | |
| فری ہولڈ زمین | 10,000 | | |
| مشینری | 20,000 | | |
| تنخواہیں | 15,000 | | |
| پیٹنٹ | 7,500 | | |
| عام مصارف | 3,000 | | |
| بیمہ | 600 | | |
| نکالی گئی رقم | 5,245 | | |
| متفرق قرض خواہ | 14,500 | | |

مندرجہ ذیل تطبیقات کو سامنے رکھتے ہوئے 31 مارچ 2017 کی تاریخ کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

(a) 31 مارچ 2017 کو دردست اسٹاک 6,800 روپے کا تھا۔

(b) مشینری کی فرسودگی 10% اور پیٹنٹوں کی فرسودگی 20% کی درسے کی جاتی ہے۔

(c) مارچ 2017 کی تنخواہیں، جن کی رقم 1,500 روپے ہے، غیر اداشدہ تھیں۔

(d) بیمہ میں اس پالیسی کا 170 روپے کا ایک پریمیم شامل ہے، جو 30 ستمبر 2017 کو ختم ہونے والی ہے

(e) مزید ناقابل وصول قرضہ جات 725 روپے کے ہیں۔ قرض داروں پر 5% کی درسے ادائیگی کا بندوبست کیجیے

(f) واجب الوصول کرایہ 1,000 روپے ہے۔

© NCERT not to be republished

# یوگیتا کے بہی کھاتے

## تجارتی اور نفع ونقصان کھاتہ، 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ — کریڈٹ

| واجبات | رقم روپے | اثاثہ جات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | 5,760 | فروخت 98,780 | |
| خریداریاں 40,675 | | نفی اندر کی طرف واپسی (680) | 98,100 |
| نفی: خارجی واپسی (خرید کی واپسی) (500) | 40,175 | اختتامی اسٹاک | 6800 |
| اجرتیں | 8,480 | | |
| ایندھن اور بجلی | 4,730 | | |
| خریداریوں کی باربرداری | 2,040 | | |
| خام منافع بقایا نیچے لے جایا گیا | 43,715 | | |
| | 1,04,900 | | 1,04,900 |
| تنخواہیں 15,000 | | خام منافع بقایا لایا گیا | 43,715 |
| جمع: واجب الادا تنخواہیں 1,500 | 16,500 | کرایہ 9,000 | |
| باربرداری | 3,200 | جمع: حاصل شدہ کرایہ 1,000 | 10,000 |
| عام اخراجات | 3,000 | | |
| بیمہ 600 | | | |
| نفی: پیشگی ادا کردہ بیمہ (85) | 515 | | |
| مزید ڈوبے قرضے 725 | | | |
| جمع: بندوبست برائے ڈوبے قرضے 689 | 1,414 | | |
| فرسودگی: مشینری 2,000 | | | |
| پیٹنٹ 1,500 | 3,500 | | |
| خالص منافع (اصل کے کھاتے میں منتقل کر دیا گیا) | 25,586 | | |
| | 53,715 | | 53,715 |

© NCERT not to be republished

## بیلنس شیٹ بمطابق 31 مارچ 2017

ڈیبٹ — کریڈٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ | | 6,300 | دردست نقد | | 540 |
| واجب الادا تنخواہیں | | 1,500 | دربینک نقد | | 2,630 |
| اصل سرمایہ | 62,000 | | متفرق قرض دار | 14,500 | |
| | | | نفی مزید ڈوبے قرض | (725) | |
| جمع خالص منافع | 25,586 | | نفی کا بندوبست | 13,777 | |
| | 87,586 | | | (689) | 13,086 |
| نفی نکالی گئی رقم کے | (5,245) | 82,341 | بیمہ پیشگی ادا کردہ | | 85 |
| | | | اسٹاک | | 6,800 |
| | | | حاصل شدہ کرایہ | | 1,000 |
| | | | فری ہولڈ زمین | | 10,000 |
| | | | عمارت | | 32,000 |
| | | | مشینری | 20,000 | |
| | | | نفی فرسودگی | (2,000) | 18,000 |
| | | | پیٹینٹ | 7,500 | |
| | | | نفی فرسودگی | (1,500) | 6,000 |
| | | 90,141 | | | 90,141 |

مثال 3

مندرجہ ذیل بقایا 31 مارچ 2017 کو شری آر۔ لال کے بہی کھاتوں سے اخذ کئے گئے ہیں

| کھاتے کا نام | رقم روپے | کھاتے کا نام | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| اصل سرمایہ | 1,00,000 | کرایہ (کریڈٹ) | 2,100 |
| نکالی گئی رقوم | 17,600 | فروخت شدہ مال کا ریل بھاڑا | 16,940 |
| خریداریاں | 80,000 | مال لانے کی باربرداری | 2,310 |

© NCERT not to be republished

| | | | |
|---|---|---|---|
| فروخت | 1,40,370 | دفتری مصارف | 1,340 |
| خریداریوں کی واپسی | 2,820 | چھپائی اوراسٹیشنری | 660 |
| یکم اپریل 2010 کوموجوداسٹاک | 11,460 | ڈاک وتار | 820 |
| ناقابل وصول قرضے | 1,400 | متفرق قرض دار | 62070 |
| ناقابل وصول قرضوں کاریزرو | 3,240 | متفرق قرض خواہ | 18920 |
| یکم اپریل 2010 | | | |
| | | نقددر بینک | 12,400 |
| مقامی محصول اور بیمہ | 1,300 | نقددردست | 2,210 |
| چھوٹ(کریڈٹ) | 190 | دفتری فرنیچر | 3,500 |
| واجب الوصل بل | 1,240 | تنخواہیں اورکمیشن | 9,870 |
| فروخت کی واپسی | 4,240 | عمارت کی توسیع | 7,000 |
| اجرتیں | 6,280 | | |
| عمارت | 25,000 | | |

مندرجہ ذیل تطبیقات کوپیش نظر رکھتے ہوئے تجارت اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ بتاریخ 31مارچ 2017 تیار کیجیے:

(i) پرانی عمارت کی فرسودگی 625روپے، اور تعمیر کی توسیع کی فرسودگی 2%اور دفتری فرنیچر کی فرسودگی 5% کے حساب سے کیجیے۔

(ii) مزید ڈوبے قرضوں کی رقم(570روپے) کوقلمزد کردیجیے۔

(iii) قرض داروں کے لئے ڈوبے قرض کے ریزروکو 6%بڑھائیے۔

(iv) 31مارچ 2017 کوتنخواہ کے570روپے غیرادا شدہ ہیں۔

(v) 31مارچ 2017 کو200 کا واجب الوصول کرایہ ہے۔

(vi) اصل سرمایہ پر 5% کی درسے سود وصول کرنا ہے۔

(vii) غیرختم شدہ بیمہ 240روپے ہے۔

(viii) 31مارچ 2017 کواسٹاک کی مالیت 14,290 روپے تھی۔

© NCERT not to be republished

حل

# شری آر۔لال کے بہی کھاتے
## تجارت اور نفع ونقصان کا کھاتہ
## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ | کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصلات / دیگر منافع جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | | 11,460 | فروخت | 1,40370 | |
| خریداریاں | 80,000 | | نفی: فروخت کی واپسی | (4,240) | 1,36,130 |
| نفی: خریداریوں کی واپسی | (2,820) | 77,180 | | | |
| مال لانے کی بار برداری | | 2,310 | اختتامی اسٹاک | | 14,290 |
| اجرتیں | | 6,280 | | | |
| خام منافع بقایا لے جایا گیا | | 53,190 | | | |
| | | 1,50,420 | | | 1,50,420 |
| خریداریوں پر ریل مال بھاڑا | | 16,940 | خام منافع (لے جایا گیا) | | 53,190 |
| | | | کرایہ | 21,00 | |
| دفتری مصارف | | 1,340 | جمع: حاصل شدہ کرایہ | 200 | 2,300 |
| ڈاک وتار | | 820 | چھوٹ | | 190 |
| چھپائی اور اسٹیشنری | | 660 | | | |
| تنخواہ اور کمیشن | 9870 | | | | |
| جمع: واجب الادا تنخواہ | 570 | | | | |
| محصول اور بیمہ | 1,300 | | | | |
| نفی: غیر ختم شدہ بیمہ | (240) | | | | |
| ڈوبے قرضے | 1,400 | | | | |
| جمع: مزید ڈوبے قرضے کا بندوبست | 570 | | | | |
| جمع: نئے ڈوبے قرضے کا بندوبست | 3,690 | | | | |
| | 5,660 | | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| نفی: ڈوبے قرضوں کا پرانا بندوبست (3240) | 2,420 | | |
| اصل سرمایہ پر سود | 5,000 | | |
| عمارت کی فرسودگی | 625 | | |
| عمارت میں توسیع کی فرسودگی | 140 | | |
| فرنیچر کی فرسودگی | 175 | | |
| خالص منافع (اصل کھاتہ میں منتقل) | 16,060 | | |
| | 55,680 | | 55,680 |

## 31 مارچ 2017 کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ | | 18,920 | نقد در بینک | | 12,400 |
| واجب الادا تنخواہیں | | 570 | نقد درست | | 2,210 |
| اصل سرمایہ | 1,00,000 | | واجب الاصول بل | | 1,240 |
| جمع: خالص منافع | 16,060 | | | | |
| جمع: سرمایہ پر سود | 5,000 | | قرض دار | 62,070 | |
| | 1,21,060 | | نفی: مزید ڈوبے قرضے | (570) | |
| | | | | 61,500 | |
| نفی: نکالی ہوئی رقمیں | (17,600) | 1,03,460 | نفی: نیا بندوبست برائے نا قابل وصول قرضے | (3,690) | 57,810 |
| | | | حاصل شدہ کرایہ | | 200 |
| | | | جاری بیمہ | | 240 |
| | | | عمارت | 25,000 | |
| | | | نفی: فرسودگی | (625) | 24,375 |
| | | | عمارت کی توسیع | 7,000 | |
| | | | نفی: فرسودگی | (140) | 6,860 |
| | | | فرنیچر برائے دفتر | 3,500 | |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | نفی: فرسودگی | (175) | 3,325 |
| | | | | اختتامی اسٹاک | | 14,290 |
| | | 1,22,950 | | | | 1,22,950 |

مثال 4

میسرز موہت ٹریڈرز کا 31 مارچ 2017 کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ تیار کیجیے اور اسی تاریخ کی بیلنس شیٹ بنائیے۔ ساتھ ہی بہی کے ضروری اندراجات بھی کیجیے:

| ڈیبٹ بقایاجات | رقم روپے | کریڈٹ بقایاجات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | 24,000 | فروخت | 4,00,000 |
| خریداریاں | 1,60,000 | خرید کردہ مال کی واپسی | 2,000 |
| نقد در دست | 16,000 | اصل سرمایہ | 1,50,000 |
| نقد در بینک | 32,000 | قرض خواہ | 64,000 |
| فروخت کردہ مال کی واپسی | 4,000 | واجب الادا بل | 20,000 |
| اجرتیں | 22,000 | وصول شدہ کمیشن | 4,000 |
| ایندھن اور بجلی | 18,000 | | |
| مال لانے کی بار برداری | 6,000 | | |
| بیمہ | 8,000 | | |
| عمارات | 1,00,000 | | |
| پلانٹ | 80,000 | | |
| پیٹینٹ | 30,000 | | |
| تنخواہیں | 28,000 | | |
| فرنیچر | 12,000 | | |
| نکالی ہوئی رقمیں | 18,000 | | |
| کرایہ | 2,000 | | |
| قرض دار | 80,000 | | |
| | 6,40,000 | | 6,40,000 |

© NCERT not to be republished

تطبیقات

| | روپے |
|---|---|
| (a) واجب الادا تنخواہیں | 12,000 |
| (b) واجب الادا اجرتیں | 6,000 |
| (c) کمیشن حاصل ہوا | 2,400 |
| (d) عمارت پر فرسودگی 5% اور پلانٹ پر 3% | |
| (e) پیشگی ادا شدہ بیمہ | 700 |
| (f) اختتامی اسٹاک | 12,000 |

حل

## موہت ٹریڈرز کے بہی کھاتے

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | روزنامچہ | ڈیبٹ رقم روپے | کریڈٹ رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ 2017 | کھاتہ تنخواہ ڈیبٹ | | 12,000 | |
| | کھاتہ اجرتیں ڈیبٹ | | 6,000 | |
| | واجب الادا تنخواہوں کے کھاتے کو | | | 12,000 |
| | واجب الادا اجرتوں کے کھاتے کو | | | 6,000 |
| | (تنخواہوں اور اجرتوں کی واجب الادا رقم بتاریخ 31 مارچ 2006) | | | |
| 31 مارچ | پیشگی ادا کردہ بیمہ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,400 | |
| | بیمہ کھاتہ کو | | | 1,400 |
| | بیمہ پیشگی ادا کر دیا گیا | | | |
| 31 مارچ | حاصل شدہ کمیشن کھاتہ ڈیبٹ | | 2,400 | |
| | کمیشن کھاتہ کو | | | 2,400 |
| | (کمیشن حاصل ہوا لیکن وصول نہیں ہوا) | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 31مارچ | کھاتہ فرسودگی ڈیبٹ | | 7,400 | |
| | عمارت کھاتہ کو | | | 5,000 |
| | پلانٹ کھاتہ کو | | | 2,400 |
| | (پلانٹ اور عمارت پر لگائی گئی فرسودگی) | | | |
| 31مارچ | نفع و نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 1,23,700 | |
| | کھاتہ سرمایہ اصل کو | | | 1,23,700 |
| | (منافع اصل سرمایہ کھاتہ میں منتقل کر دیا گیا) | | | |

## موہت ٹریڈرز کے بہی کھاتے
## تجارتی اور نفع و نقصان کا کھاتہ
## 31مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصلات/دیگر منافع جات وغیرہ | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | | 24,000 | فروخت | 4,00,000 | |
| خریداریاں | 1,60,000 | | نفی: واپسیاں | (4,000) | 3,96,000 |
| نفی: واپسیاں | (2,000) | 1,58,000 | اختتامی اسٹاک | | 12,000 |
| اجرتیں | 22,000 | | | | |
| جمع: واجب الادا اجرتیں | 6,000 | 28,000 | | | |
| ایندھن اور بجلی | | 18,000 | | | |
| مال لانے کی باربرداری | | 6,000 | | | |
| خام منافع (بقایا لے جایا گیا) | | 1,74,000 | | | |
| | | 4,08,000 | | | 4,08,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تنخواہ | 28,000 | | خام منافع بقایا لایا گیا | | 1,74,000 |
| جمع: واجب لادا تنخواہ | 12,000 | 40,000 | وصول شدہ کمیشن | (4000) | |
| بیمہ | 8,000 | | جمع: حاصل شدہ کمیشن | 2,400 | 6,400 |
| نفی: اداشدہ | (700) | 7,300 | | | |
| کرایہ | | 2,000 | | | |
| عمارت کی فرسودگی | | 5,000 | | | |
| پلانٹ | | 2,400 | | | |
| خالص منافع (اصل کھاتہ میں منتقل کیا گیا) | | 1,23,700 | | | |
| | | 1,80,400 | | | 1,80,400 |

© NCERT not to be republished

## بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 64,000 | نقد در دست | 16,000 |
| واجب الادا بل | | 20,000 | نقد در بینک | 32,000 |
| اصل سرمایہ | 1,50,000 | | عمارت | 95,000 |
| جمع: خالص منافع | 1,23,700 | | پلانٹ | 77,600 |
| | 2,73,700 | | پیٹنٹ | 30,000 |
| نفی: نکالی ہوئی رقم | (18,000) | 2,55,700 | قرض دار | 700 |
| واجب الادا تنخواہیں | | 12,000 | پیشگی اداشدہ بیمہ | 2,400 |
| واجب الادا اجرتیں | | 6,000 | حاصل شدہ کمیشن | 12,000 |
| | | | فرنیچر | 12,000 |
| | | | اختتامی اسٹاک | |
| | | 3,57,700 | | 3,57,700 |

مثال 5

مندرجہ ذیل معلومات میسرز زرندھیر ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے ٹرائل بیلنس سے لی گئی ہے۔

| ڈیبٹ بقایاجات | رقم روپے | کریڈٹ بقایاجات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | 40,000 | اصل سرمایہ | 2,70,000 |
| کرایہ | 2,000 | قرض خواہ | 50,000 |
| پلانٹ اور مشینری | 1,20,000 | واجب الادا بل | |
| زمین اور عمارت | 2,55,000 | قرض | 1,10,000 |
| بجلی | 3,500 | چھوٹ | 1,500 |
| خریداریاں | 75,000 | فروخت | 1,50,000 |
| فروخت کی واپسی | 2,500 | ڈوبے قرضوں کا بندوبست | 1,000 |
| ڈاک وتار | 400 | عام محفوظات (Reserves) | 50,000 |
| اجرتیں | 4,500 | | |
| تنخواہ | 2,500 | | |
| بیمہ | 3,200 | | |
| چھوٹ (کٹوتی) | 1,000 | | |
| مرمتیں اور تجدید کا کام | 2,000 | | |
| قانونی ادائیگی | 700 | | |
| تجارتی ٹیکس | 1,200 | | |
| قرض دار | 75,000 | | |
| سرمایہ کاری | 65,000 | | |
| ناقابل وصول قرضے | 2,000 | | |
| تجارتی مصارف | 4,500 | | |
| کمیشن | 1,250 | | |
| اخراجات سفر | 1,230 | | |
| نکالی گئی رقوم | 20,020 | | |
| | 6,82,500 | | 6,82,500 |

© NCERT not to be republished

تطبیقات (Adjustments)

1. سال کا اختتامی اسٹاک 35,500 روپے تھا۔
2. پلانٹ اور مشینری پر فرسودگی 5% کی در سے اور عمارت پر 6% کے حساب سے لگے گی۔
3. نکالی ہوئی رقم پر سود کی در 6% اور قرض پر 5% کی در۔
4. سرمایہ کاری سود کی در 4%۔
5. مزید ڈوبے قرضہ جات 2,500 روپے۔ ڈوبے قرضوں کے لئے قرض داروں پر 5 % کا بندوبست (provision) بنائیں۔
6. قرض داروں کو 2% کی چھوٹ۔
7. واجب الادا تنخواہ 2000 روپے۔
8. واجب الادا اجرتیں 100 روپے۔
9. پیشگی اداشدہ بیمہ 500 روپے۔

آپ کو 31 مارچ 2014 کا تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور ایک بیلنس شیٹ تیار کرنا ہے۔

حل

## رندھیر ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے کھاتے
## تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

| مصارف/نقصانات | | رقم | محاصلات/دیگر منافع جات وغیرہ | | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| | | روپے | | | روپے |
| ابتدائی اسٹاک | | 40,000 | فروخت | 1,50,000 | 1,47,500 |
| خریداریاں | | 75,000 | نفی: فروخت کی واپسی | (2,500) | 35,500 |
| | | | اختتامی اسٹاک | | |
| اجرتیں | 4,500 | | | | |
| جمع: واجب الادا اجرتیں | 100 | 4.600 | | | |
| بجلی | | 3,500 | | | |
| خام منافع بقایا لایا گیا | | 59,900 | | | |
| | | 1,83,000 | | | 1,83,000 |
| کرایہ | | 2,000 | خام منافع بقایا لایا گیا | | 59,900 |
| ڈاک وتار | | 400 | سرمایہ کاری پر واجب الادا سود | | 2,600 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تنخواہ | 2,500 | | | |
| جمع: واجب الادا | 200 | 2,700 | چھوٹ | 1,500 |
| بیمہ | 3,200 | | نکالی ہوئی رقم پر سود | 1,200 |
| نفی: پیشگی اداشدہ | (500) | 2,700 | | |
| چھوٹ | | 1,000 | | |
| مرمت اور تجدید | | 2,000 | | |
| قانونی معاوضہ | | 700 | | |
| تجارتی ٹیکس | | 1,200 | | |
| تجارتی مصارف | | 4,500 | | |
| قرضے پر واجب الادا سود | | 5,500 | | |
| کمیشن | | 1,250 | | |
| اخراجات سفر | | 1,230 | | |
| قرض داروں کو چھوٹ | | 1,450 | | |
| پلانٹ اور مشینری کی فرسودگی | | 6,000 | | |
| زمین اور عمارت کی فرسودگی | | 15,300 | | |
| ڈوبے قرضہ جات | 2,000 | | | |
| جمع: مزید ڈوبے قرضہ جات | 2,500 | | | |
| جمع: نیا بندوبست | 3,553 | | | |
| | 8,053 | | | |
| نفی: پرانا بندوبست | (1,000) | 7,053 | | |
| خالص منافع (جسے اصل سرمایہ میں منتقل کیا گیا) | | 10,217 | | |
| | | 65,200 | | 65,200 |

© NCERT
not to be republished

## بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ (لین دار) | | 50,000 | قرض دار | 75,000 | |
| واجب الادا بل | | 50,000 | نفی: مزید ڈوبے قرض | (2,500)<br>72,500 | |
| قرضہ | 1,10,000 | | | | |
| جمع: واجب الادا سود | 5,500 | 1,15,500 | نفی: چھوٹ | (1,450)<br>71,050 | |
| عام ریزرو (محفوظ) | | 50,000 | | | |
| اصل سرمایہ | 2,70,000 | | نفی: نیا بندوبست | (3,553) | 67,497 |
| جمع: خالص منافع | 10,217<br>2,80,217 | | سرمایہ کاری | | 65,000 |
| | | | واجب الادا سود سرمایہ کاری پر | | 2,600 |
| نفی: نکالی گئی رقم | (20,020) | | پیشگی ادا کردہ بیمہ | | 500 |
| | 2,60,197 | | | | |
| نفی: نکالی گئی رقم پر سود | 1,200 | 2,58,997 | | | |
| واجب الادا تنخواہ | | 200 | پلانٹ اور مشینری | | 1,14,000 |
| واجب الادا اجرتیں | | 100 | زمین اور عمارت | | 2,39,700 |
| | | | اختتامی اسٹاک | | 35,500 |
| | | 5,24,797 | | | 5,24,797 |

مثال 6

میسرز کیشو برادرس کے مندرجہ ذیل بقایا جات سے آپ کو تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور 31 مارچ 2017 کی بیلنس شیٹ تیار کرنی ہے۔

| ڈیبٹ بیلنس | رقم روپے | کریڈٹ بیلنس | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| پلانٹ اور مشینری | 1,30,000 | فروخت | 3,00,000 |
| قرض دار (دین دار) | 50,000 | خرید کردہ مال کی واپسی | 2,500 |
| سود | 2,000 | قرض خواہ | 2,50,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | |
|---|---|---|---|
| اجرتیں | 1,200 | واجب الادا بل | 70,000 |
| تنخواہ | 2,500 | ڈوبے قرضوں کا بندوبست | 1,550 |
| مال لانے کی بار برداری | 500 | اصل سرمایہ | 2,20,000 |
| مال لے جانے کی بار برداری | 700 | وصول شدہ کرایہ | 10,380 |
| مال واپسی | 2,000 | | |
| کرایہ فیکٹری | 1,450 | | |
| کرایہ دفتر | 2,300 | | |
| بیمہ | 780 | | |
| فرنیچر | 22,500 | | |
| عمارتیں | 2,80,000 | | |
| واجب الاصول بل | 3,000 | | |
| نقد در دست | 22,500 | | |
| نقد بینک میں | 35,000 | | |
| کمیشن | 500 | | |
| ابتدائی اسٹاک | 60,000 | | |
| خریداریاں | 2,50,000 | | |
| ڈوبے قرضہ جات | 3,500 | | |
| | 8,70,430 | | 8,70,430 |

تطبیق

(i) ڈوبے قرضہ جات کا بندوبست 5% کی در سے اور مزید ڈوبے قرض 2,000 روپے۔

(ii) پیشگی وصول کرایہ 6,000 روپے۔

(iii) پہلے سے ادا شدہ بیمہ 200 روپے۔

(iv) فرنیچر پر فرسودگی کی در 5%، پلانٹ اور مشینری پر 6%، عمارت پر 7%۔

© NCERT not to be republished

حل

# کیشو برادرس کی بہی کھاتے
## تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ
## 31مارچ 2017 کوختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | | 60,000 | فروخت | 3,00,000 | |
| خریداریاں | 2,50,000 | | نفی: واپسی | (2,000) | 2,98,000 |
| نفی: واپسی | (2500) | 2,47,500 | اختتامی اسٹاک | | 70,000 |
| اجرتیں | | 1,200 | | | |
| مال لانے کی بار برداری | | 500 | | | |
| کرایہ فیکٹری | | 1,450 | | | |
| خام منافع نیچے لے جایا گیا | | 57,350 | | | |
| | | 3,68,000 | | | 3,68,000 |
| سود | | 2,000 | خام منافع نیچے لایا گیا | | 57,350 |
| تنخواہ | | 2,500 | وصول شدہ کرایہ | 10,380 | |
| مال لے جانے کی بار برداری | | 700 | نفی: پیشگی کرایہ | (6,000) | 4,380 |
| کرایہ دفتر | | 2,300 | وصول شدہ کمیشن | | 16,000 |
| بیمہ | 780 | | | | |
| نفی: پہلے ادا شدہ بیمہ | (200) | 580 | | | |
| فرنیچر کی فرسودگی | | 1,125 | | | |
| پلانٹ اور مشینری کی فرسودگی | | 7,800 | | | |
| عمارت کی فرسودگی | | 19,600 | | | |
| کمیشن | | 500 | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ڈوبے قرضے | 3,500 | | | |
| جمع: مزید برے قرضے | 2,000 | | | |
| جمع: نیا بندوبست | 2,400 | | | |
| | 7,900 | | | |
| نفی: پرانا بندوبست | (1,550) | 6,350 | | |
| خالص منافع | | 34,275 | | |
| اصل سرمایہ کھاتہ میں منتقل کردیا گیا | | | | |
| | | 77,730 | | 77,730 |

## 31 مارچ 2017 کی بیلنس شیٹ

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 2,50,000 | نقد در دست | | 22,500 |
| واجب الادا بل | | 70,000 | نقد در تحویل بینک | | 35,000 |
| پیشگی کرایہ | | 6,000 | واجب الوصول بل | | 3,000 |
| اصل سرمایہ | 2,20,000 | | | | |
| جمع: خالص منافع | 34,275 | 2,54,275 | پیشگی ادا کردہ بیمہ | | 200 |
| | | | قرض دار | 50,000 | |
| | | | نفی: مزید برے قرضہ جات | (2,000) | |
| | | | | 4,8000 | |
| | | | نفی: نیا بندوبست | (2,400) | 45,600 |
| | | | پلانٹ اور مشینری | | 1,22,200 |
| | | | فرنیچر | | 21,375 |
| | | | عمارتیں | | 2,60,400 |
| | | | اختتامی اسٹاک | | 70,000 |
| | | 5,80,275 | | | 5,80,275 |

© NCERT not to be republished

مثال 7

مندرجہ ذیل معلومات میسرز فیئر برادرس لمیٹڈ کی بیلنس شیٹ سے لی گئی ہے۔ آپ کو اس کی روشنی میں تجارت اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017 تیار کرنی ہے۔

| ڈیبٹ بیلنس | رقم روپے | کریڈٹ بیلنس | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| نقد | 20,000 | فروخت | 3,61,000 |
| اجرتیں | 45,050 | قرض 12% (1.7.2011) | 40,000 |
| باہر کی واپسی | 4,800 | وصول شدہ چھوٹ | 1,060 |
| ڈوبے قرضے | 4,620 | خرید کی واپسی | 390 |
| تنخواہیں | 16,000 | قرض خواہ (لین دار) | 60,610 |
| چنگی | 1,000 | اصل سرمایہ | 75,000 |
| خیرات | 250 | | |
| مشینری | 32,200 | | |
| قرض دار (بشمول 1,600 روپے کا ایک بل جو قبول نہیں کیا گیا) | 60,000 | | |
| اسٹاک | 81,600 | | |
| خریداریاں | 2,60,590 | | |
| مرمتیں | 3,350 | | |
| قرض پر سود | 1,200 | | |
| سیلز ٹیکس | 1,600 | | |
| بیمہ | 2,000 | | |
| کرایہ | 4,000 | | |
| | 5,38,060 | | 5,38,060 |

© NCERT not to be republished

تطبیقات

1۔ اجرتوں میں یکم اپریل 2016 کو نئی مشینری لگانے کے لئے 4,000 روپے کی رقم شامل ہے۔
2۔ فرنیچر پر 5% فرسودگی مہیا کی جائے گی۔
3۔ غیر ادا شدہ تنخواہیں 1,600 روپے کی ہیں
4۔ اختتامی اسٹاک 81,850 روپے کا ہے۔
5۔ قرض داروں کو 5% کی در سے بندوبست کیا جائے
6۔ بل کی آدھی رقم قابل وصول ہے
7۔ کرایہ 30 جولائی 2017 تک چکایا جا چکا ہے
8۔ غیر ختم شدہ میعاد کا بیمہ 600 روپے کا ہے

## فیئر برادرس کے کھاتے (کتابیں)
## تجارت و نفع نقصان کا کھاتہ 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | | 81,000 | فروخت | 3,61,000 | |
| خریداریاں | 2,60,590 | | نفی: واپسی | (4,800) | 3,56,200 |
| نفی: واپسی | (390) | 2,60,200 | اختتامی اسٹاک | | 81,850 |
| اجرتیں | 45,0,50 | | | | |
| نفی: پہلے سے ادا شدہ اجرتیں (بشمول مشینوں کی تنصیب) | (4,000) | 41,050 | | | |
| چنگی | | 1,000 | | | |
| خام منافع (لے جایا گیا) | | 54,200 | | | |
| | | 4,38,050 | | | 4,38,050 |
| تنخواہیں | 16,000 | | خام منافع (نیچے) لایا گیا | | 54,200 |
| جمع: واجب الادا تنخواہ | 1,600 | 17,600 | وصول شدہ چھوٹ | | 1,060 |
| مرمتیں | | 3,350 | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ڈوبے قرض | 4,620 | | | |
| جمع: مزید ڈوبے قرض | 800 | | | |
| جمع: نیا بندوبست | 2,960 | 8,380 | | |
| قرض پر سود | 1,200 | | | |
| جمع: واجب الادا سود | 2,400 | 3,600 | | |
| سیلز ٹیکس | | 1,600 | | |
| بیمہ | 2,000 | | | |
| نفی: اداشدہ بیمہ | (600) | 1,400 | | |
| خیرات | | 250 | | |
| کرایہ | 4,000 | | | |
| نفی: پہلے اداشدہ کرایہ | 1,000 | 3,000 | | |
| مشینری کی فرسودگی | | 1,800 | | |
| خالص منافع (اصل کے کھاتے میں منتقل کر دیا گیا) | | 14,280 | | |
| | | 55,260 | | 55,260 |

## بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثے | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ (لین دار) | | 60,610 | نقد | | 20,000 |
| واجب الادا تنخواہیں | | 1,600 | قرض دار (دین دار) | 60,000 | |
| قرض | | 40,000 | نفی: ڈوبے ہوئے قرض | (800) | |
| واجب الادا سود | | 2,400 | نفی: بندوبست | 2960 | 56,240 |
| اصل سرمایہ | 75,000 | | پیشگی ادا کردہ کرایہ | | 1,000 |
| جمع: خالص منافع | 14,280 | 89,280 | غیر ختم شدہ بیمہ | | 600 |
| | | | مشینری | 32,000 | |
| | | | جمع: لگانے کا خرچ | 4,000 | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | اجرتیں | 36,000 | |
| | | نفی: فرسودگی | (1,800) | 34,200 |
| | | اختتامی اسٹاک | | 81,850 |
| | 1,93,890 | | | 1,93,890 |

مثال 8

مسز ہرن ہری برادر کے کھاتوں سے لئے گئے مندرجہ ذیل بیلنس (بقایا) سے آپ کو 31 دسمبر 2015 کی تاریخ کا تجارتی اور نفع و نقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کرنا ہے۔

| ڈیبٹ بیلنس | رقم روپے | کریڈٹ بیلنس | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | 16,000 | اصل سرمایہ | 1,00,000 |
| خریداریاں | 40,000 | فروخت | 1,60,000 |
| اندر جانب واپسی | 3,000 | فروخت کی واپسی | 800 |
| مال لانے کی باربرداری | 5,000 | نوآموزی پریمیم(Apprenticeship Premium) | 3,000 |
| مال لے جانے کی باربرداری | 2,400 | واجب الادا بل | 5,000 |
| اجرتیں | 6,600 | قرض خواہ | 31,600 |
| تنخواہیں | 11,000 | | |
| کرایہ | 2,200 | | |
| گودی اور جہاز کا مال بھاڑا | 4,800 | | |
| آگ بیمہ کی قسط | 1,800 | | |
| چھوٹ | 4,200 | | |
| ڈوبے ہوئے قرض | 1,000 | | |
| چھپائی اور اسٹیشنری | 500 | | |
| مقامی محصول اور ٹیکس | 700 | | |
| اخراجات سفر | 300 | | |
| تجارتی مصارف | 400 | | |

© NCERT not to be republished

| | | | |
|---|---|---|---|
| کاروبار کی جگہ | 1,10,000 | | |
| فرنیچر | 5,000 | | |
| واجب الوصول بل | 7,000 | | |
| قرض دار | 40,000 | | |
| مشین | 9,000 | | |
| قرض | 10,000 | | |
| سرمایہ کاری | 6,000 | | |
| نقد در دست | 500 | | |
| نقد در تحویل بینک | 7,000 | | |
| پروپرائٹر کے ذریعے نکالی ہوئی رقمیں | 6,000 | | |
| | 3,00,400 | | 3,00400 |

تطبیقات

1۔ اختتامی اسٹاک 14,000 روپے۔

2۔ واجب الادا اجرتیں 600 روپے، واجب الادا تنخواہیں 1,000 ، واجب الادا کرایہ 200 روپے۔

3۔ آگ بیمہ پریمیم میں یکم جولائی 2016 کو ادا کردہ 1,200 روپے شامل ہیں جو ایک سال یعنی یکم جولائی 2016 سے 30 جون 2017 تک چلیں گے۔

4۔ نوآموزی (Apprenticeship) پریمیم تین سال جس کی پیشگی ادائیگی یکم جنوری 2016 کو ہو چکی ہے۔

5۔ اسٹیشنری کا 60 روپے کا بل غیر ادا شدہ ہے۔

6۔ جگہ اور عمارت کی فرسودگی 5%، فرنیچر 10%، اور مشینری پر 10% کے حساب سے شمار ہوگی۔

7۔ دیا ہوا ادھار ایک سال کے لئے 7% کی در سے حاصل ہوا ہے۔

8۔ سرمایہ کاری پر سود 5% کی در سے نصف سال کے لئے یعنی 31 دسمبر 2016 تک حاصل شدہ ہے۔

9۔ اصل پر سود ایک سال کے لئے 5% کی در سے دینا ہے۔

10۔ نکالی ہوئی رقم پر سود جو اسے وصول کیا جانا ہے وہ ایک سال کے لئے 160 روپے ہے۔

© NCERT not to be republished

حل

## ہری ہرن برادران کے کھاتے

## تجارت اور نفع ونقصان کا کھاتہ 31 دسمبر 2017 کو ختم شدہ سال کے لئے

**ڈیبٹ** | **کریڈٹ**

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | | 16,000 | فروخت | 1,60,000 | |
| خریداریاں | 40,000 | | نفی: فروخت کی واپسی | (3,000) | 1,57,000 |
| نفی: خرید واپسی | (800) | 39,200 | اختتامی اسٹاک | | 14,000 |
| اجرتیں | 6,600 | | | | |
| جمع: واجب الادا اجرتیں | 600 | 7,200 | | | |
| مال لانے کی بار برداری | | 2,400 | | | |
| گودی اور جہاز کا مال بھاڑا | | 4,800 | | | |
| خام منافع لے جایا گیا | | 1,01,400 | | | |
| | | 1,71,000 | | | 1,71,000 |
| تنخواہیں | 11,000 | | خام منافع نیچے لایا گیا | | 101,400 |
| جمع: واجب الادا تنخواہ | 1,000 | 12,000 | نوآموزی پریمیم | 3,000 | |
| مال باہر بھیجنے کی بار برداری | | 5,000 | نفی: پیشگی پریمیم | (2,000) | 1,000 |
| مقامی محصول اور ٹیکس | | 700 | قرض پر حاصل شدہ سود | | 700 |
| چھپائی اور اسٹیشنری | 500 | | | | |
| جمع: واجب الادا بل | 60 | 560 | نکالی گئی رقموں پر سود | | 160 |
| تجارتی مصارف | | 400 | | | |
| اخراجات سفر | | 300 | سرمایہ کاری پر حاصل شدہ سود | | 150 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آگ بیمہ | 1,800 | | | |
| نفی: پیشگی اداشدہ بیمہ | (600) | 1,200 | | |
| ڈوبے قرضے | | 4,200 | | |
| کرایہ | 2,200 | | | |
| جمع: واجب الادا کرایہ | 200 | 2,400 | | |
| اصل سرمایہ پر سود | | 5,000 | | |
| عمارت کی فرسودگی | | 5,500 | | |
| فرنیچر کی فرسودگی | | 500 | | |
| مشینری پر فرسودگی | | 900 | | |
| چھوٹ | | 1,000 | | |
| خالص منافع | | 63,750 | | |
| اصل کے کھاتے میں منتقل | | | | |
| | | 1,03,410 | | 1.03,410 |

## بیلنس شیٹ بتاریخ 31 دسمبر 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| اصل سرمایہ | 1,00,000 | | عمارت | 1,10,000 | |
| جمع: سرمایہ پر سود | 5,000 | | نفی: فرسودگی | (5,500) | 1,04,500 |
| جمع: اصل خالص منافع | 63,750 | | فرنیچر | | 4,500 |
| | 1,68,750 | | | | |
| نفی: نکالی گئی رقم | (6,000) | | مشینری | | 8,100 |
| | 1,62,750 | | قرض دار | | 40,000 |
| نفی: نکالی گئی رقم پر سود | (160) | 1,62,590 | واجب الوصول بل | | 7,000 |
| قرض خواہ | | 31,600 | نقد در دست | | 500 |
| واجب الادا بل | | 5,000 | نقد در تحویل بینک | | 7,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | قرض | 10,000 | | |
| واجب الادا اجرتیں | 600 | جمع: حاصل شدہ سود | <u>700</u> | 10,700 |
| واجب الادا تنخواہیں | 1,000 | سرمایہ کاری | 6,000 | | |
| واجب الادا کرایہ | 200 | جمع: حاصل شدہ سود | <u>150</u> | 6,150 |
| واجب الادا اسٹیشنری | 60 | پیشگی ادا کردہ بیمہ | | 600 |
| نوآموزی پریمیم (پیشگی) | 2,000 | اختتامی اسٹاک | | 14,000 |
| | 2,03,050 | | | 2,03,050 |

مثال 9

مندرجہ ذیل بیلنس میسرز کول کا تا لمیٹڈ کے ٹرائل بیلنس سے اخذ کئے گئے ہیں ۔آپ کو تجارتی و نفع نقصان کا کھاتہ مورخہ 31 مارچ 2014 اور اسی تاریخ کو بیلنس شیٹ تیار کرنے ہیں۔

| ڈیبٹ بیلنس (بقایاجات) | رقم روپے | کریڈٹ بیلنس (بقایاجات) | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | 6,000 | اصل سرمایہ | 20,000 |
| فرنیچر | 1,200 | فروخت | 41,300 |
| نکالی گئی رقوم | 2,800 | خریداریوں کی واپسی | 4,000 |
| نقد در دست | 3,000 | بینک اوورڈرافٹ | 4,000 |
| خریداریاں | 24,000 | ڈوبے قرضوں کا بندوبست | 400 |
| خرید کی واپسی | 2,000 | قرض خواہ | 5,000 |
| تنصیباتی مصارف | 4,400 | کمیشن | 100 |
| ڈوبے قرضے | 1,000 | واجب الادا بل | 5,000 |
| قرض دار | 10,000 | نوآموزی پریمیم | 500 |
| بار برداری | 1,000 | | |
| واجب الوصول بل | 6,000 | | |

© NCERT not to be republished

| | | | |
|---|---|---|---|
| درتحویل بینک | 8,000 | | |
| اجرتیں | 1,000 | | |
| تجارتی مصارف | 500 | | |
| بینک کے اخراجات | 400 | | |
| عام اخراجات | 1,000 | | |
| تنخواہیں | 2,000 | | |
| بیمہ | 1,500 | | |
| ڈاک وتار | 500 | | |
| کرایہ،ٹیکس، مقامی محصول | 2,000 | | |
| کوئلہ،گیس، پانی | 2,000 | | |
| | 80,300 | | 80,300 |

تطبیقات

1۔ واجب الادا تنخواہیں100 روپے،کرایہ اور ٹیکس200 روپے، اجرتیں100 روپے۔

2۔ غیر مکمل بیمہ500 روپے۔

3۔ پیشگی وصول شدہ کمیشن50 روپے۔

4۔ بینک میں جمع رقوم پر500 روپے سود۔

5۔ بینک اوورڈرافٹ پر سود750 روپے۔

6۔ فرنیچر کی فرسودگی 10% کی شرح سے۔

7۔ اختتامی اسٹاک9,000 روپے۔

8۔ مزید ڈوبے ہوئے قرضے200 روپے، قرض داروں پر نیا بندوبست 5% کی در سے

9۔ نوآموزی پریمیم کے100 روپے پیشگی وصول۔

10۔ روپے نکالنے پر 6% کی شرح سے سود۔

© NCERT not to be republished

حل

# کولکاتا لمیٹڈ کے کھاتے

## تجارت اور نفع ونقصان کا کھاتہ برائے اختتام سال 31 مارچ 2017

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصلات/منافع جات وغیرہ | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | | 6,000 | فروخت | 41,300 | |
| خریداریاں | 24,000 | | نفی: فروخت واپسی | (2,000) | 39,300 |
| نفی: خریداری واپسی | (4,000) | 20,000 | اختتامی اسٹاک | | 9,000 |
| اجرتیں | 1,000 | | | | |
| جمع: واجب الادا اجرتیں | 100 | 1,100 | | | |
| کوئلہ، گیس، پانی | | 2,000 | | | |
| خام منافع | | 19,200 | | | |
| | | 48,300 | | | 48,300 |
| تنصیباتی مصارف | | 4,400 | خام منافع نیچے لایا گیا | | 19,200 |
| باربرداری | | 1,000 | کمیشن | 100 | |
| تجارتی اخراجات | | 500 | نفی: پیشگی کمیشن | (50) | 50 |
| بینک کی فیس | | 400 | جمع: کھاتوں پر حاصل شدہ سود | | 500 |
| عام اخراجات | | 1,000 | نوآموزی پریمیم | 500 | |
| تنخواہیں | 2,000 | | نفی: پیشگی وصولی | 100 | 400 |
| جمع: واجب الادا تنخواہ | 100 | 2,100 | نکالی گئی رقموں کا سود | | 168 |
| بیمہ | 1,500 | | | | |
| نفی: پیشگی ادا کردہ بیمہ | (500) | 1,000 | | | |
| ڈاک وتار | | 500 | | | |
| کرایہ، محصول، ٹیکس | | 2,200 | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ڈوبے ہوئے قرضے | 1,000 | | | |
| جمع: مزید پھنسے قرضے | 200 | | | |
| جمع: نیابندوبست | 490 | | | |
| | 1690 | | | |
| نفی: پرانابندوبست | (400) | 1,290 | | |
| فرنیچر کی فرسودگی | | 120 | | |
| خالص منافع | | 5,058 | | |
| اصل سرمایہ کے کھاتے میں منتقل | | | | |
| | | 20,318 | | 20,318 |

## بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| سرمایہ | 2,00,000 | | پیشگی اداشدہ بیمہ | | 500 |
| جمع: خالص منافع | 5058 | | بینک جمع | 8,000 | |
| | 25,058 | | | | |
| نکالی گئی رقم | (2,800) | | جمع: واجب الاداسود | 500 | 8,500 |
| | 22,258 | | | | |
| نفی: نکالی گئی رقم پر سود | (168) | 22,090 | فرنیچر | | 1,080 |
| | | | نقد در دست | | 3,000 |
| قرض خواہ | | 5,000 | قرض دار | 10,000 | |
| پیشگی وصول کمیشن | | 50 | نفی: مزید ڈوبے قرض | (200) | |
| نوآموزی پریمیم | | 100 | | 9,800 | |
| واجب الادا اجرتیں | | 100 | نفی: ڈوبے قرض | (490) | 9,310 |
